آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز پیر 06 ستمبر 2021ء بمطابق 28 محرم الحرام 1443ھ | شمارہ نمبر 226

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:45
عصر	5:30
مغرب	7:20
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:45
ظہرین	01:00
مغربین	7:45

کوئٹہ، سونا خان میں چیک پوسٹ پر خودکش حملہ 4 اہلکار شہید 19 زخمی

پولیس کے مطابق مستونگ روڈ سونا خان کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب موٹرسائیکل سوار خودکش حملہ آور نے خود کو فورسز کی گاڑی کے ساتھ دھماکہ خیز مواد سے اڑا لیا دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا

وزیراعظم عمران خان نے کوئٹہ مستونگ روڈ پر فرنٹیئر کور بلوچستان پر ہونے والے خودکش بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے منصوبے خاک میں ملانے والوں کو سلام پیش کرتا ہوں

دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہو سکتے صوبے کی عوام اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے سونا خان میں مستونگ روڈ سیکیورٹی فورسز کے چیک پوسٹ پر خودکش بم دھماکے کے نتیجے میں 4 اہلکار جاں بحق جبکہ 19 زخمی ہو گئے ہیں پولیس کے مطابق مستونگ روڈ سونا خان کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکے کے نتیجے میں 4 سیکیورٹی اہلکار جاں بحق جبکہ 19 زخمی ہو گئے ہیں، سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق موٹرسائیکل سوار خودکش حملہ آور نے خود کو فورسز کی گاڑی کے ساتھ دھماکہ خیز مواد سے اڑا لیا دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا امدادی ٹیموں اور قانون نافذ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا، وزیر داخلہ میر ضیاء، کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید اہلکاروں کی درجات کی بلندی کے لئے دعا کر رہے ہیں

ہمارا دشمن آج بھی ہمارے خلاف جارحانہ عزائم رکھتا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

پاک افواج دشمن کی جانب سے کسی بھی قسم کی جارحیت اور مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، دشمن ہمیشہ پاکستانی قوم کے جذبے اور پاک افواج کے عزم و مہارت کے حوالے سے غلط فہمی کا شکار رہا ہے

27 فروری 2019 کو بھی پاک فضائیہ کے شاہینوں نے بھارت کے دو جنگی جہاز گرا کر نہ صرف قوم کا مورال اور سر فخر سے بلند کیا بلکہ دنیا کو بتادیا کہ پاک فضائیہ دنیا کی بہترین فضائی فورس ہے، قوم پاک فضائیہ کا شکریہ ادا کرتی ہے

دشمن نے جب بھی جارحیت کی پاک افواج نے منہ توڑ جواب دیا ہے پاکستان کی تابناک تاریخ میں 6 ستمبر کا دن ہماری بہادر مسلح افواج کی جرائت اور ایثار و قربانی کے بے مثال جذبے کی علامت کے طور پر منایا جاتا ہے، جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے یوم دفاع کے موقع پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کی تابناک تاریخ میں 6 ستمبر کا دن ہماری بہادر مسلح افواج کی جرات اور ایثار و قربانی کے بے مثال جذبے کی علامت کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یوم دفاع پاکستان افواج پاکستان اور قوم کے جذبے اور بہادری کی یاد دلاتا ہے۔ آج پوری قوم وطن کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 56 سال قبل اس دن ہماری پاک فوج کے افسران، سپاہیوں، بحریہ کے جوانوں اور فضائیہ کے شاہینوں نے غیور پاکستانی قوم کے شانہ بشانہ دنیا پر ثابت کیا کہ وہ ہر قیمت پر مادر وطن کے چپے چپے کے دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا ازلی دشمن

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

پاکستان نیشنل ایکشن پلان کو سرد خانے میں رکھنے کا متحمل نہیں ہو سکتا، بلاول بھٹو

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے جوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کوئٹہ میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت اور دہشتگردی میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے یہاں جاری ایک بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے ملک میں دہشتگردی کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کراچی سے پکنک منانے کنڈ ملیر آنے والے دو نوجوان ڈوب گئے ایک جاں بحق جبکہ ایک کو زندہ بچا لیا گیا

اوتھل (نامہ نگار) کراچی سے پکنک منانے کنڈ ملیر آنے والے دو نوجوان ڈوب گئے ایک جاں بحق جبکہ

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ضلع چاغی کے تحصیل دالبندین بازار میں گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا

چاغی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع چاغی کے تحصیل دالبندین بازار میں گاڑی پر فائرنگ سے ایک

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

قیام امن کیلئے برسرپیکار سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، نواب ثناء اللہ زہری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری نے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں ایف سی کی چیک پوسٹ پر خودکش دھماکے میں شہید ہونے والے ایف سی اہلکاروں کی نماز جنازہ کوئٹہ میں ادا کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ایف سی کی چیک پوسٹ پر خودکش دھماکے میں شہید ہونے والے ایف سی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

سید علی گیلانی کا جسد خاکی چھیننے اور مقدمات کا اندراج مودی سرکار کی فسطائیت اور آر ایس ایس سوچ کا مظہر ہے، فرخ حبیب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ ہندوستان کی قابض

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ملک و قوم کی خاطر سخت فیصلے کرنے پڑے ہیں، عمران خان کی توجہ غریب عوام کے مسائل کے حل پر ہے، پرویز خٹک

نوشہرہ (این این آئی) وفاقی وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا ہے کہ ملک اور قوم کی خاطر سخت فیصلے کرنے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

پوری قوم اپنی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، سراج الحق

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ پوری قوم اپنی فورسز

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاکستان ٹیکسٹائل انڈسٹری کو تباہ کرنے والے معیشت پر بھاشن دے رہے ہیں، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

ایف سی کی گاڑی پر حملہ خودکش، بھارت نے افغانستان میں 40 برس کے دوران 7 ٹریننگ کیمپس قائم کیے، شیخ رشید

ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور داعش کے ملوث ہونے بارے ابھی کچھ کہنا قبل از وقت ہے، ہتھیار ادارے تحقیقات کر رہے ہیں، وزیر داخلہ کی میڈیا سے گفتگو

طورخم (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کوئٹہ مستونگ شاہراہ پر ایف سی کی گاڑی پر حملے کو خودکش حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نے گزشتہ 40 برس کے دوران افغانستان میں 7 ٹریننگ کیمپس قائم کیے اور افغان خفیہ ایجنسی این ڈی ایس کو

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کا ابوظہبی کے ولی عہد سے رابطہ، افغانستان کی صورتحال اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال

عالمی برادری کو افغانستان کی معاشی مدد اور تعمیر نو میں کردار ادا کرنا چاہیے، افغانستان کو معاشی طور پر مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، عمران خان کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کا ابوظہبی کے ولی عہد شیخ محمد بن زاید سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں دونوں رہنماؤں کے مابین افغانستان کی صورتحال اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اتوار کو جاری اعلامیے کے مطابق اپنی گفتگو کے دوران

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

ہمسایہ ملک ایران سے مکران کے علاقوں کو بجلی فراہم کرنے والی 132 کے وی جیکی گور۔ مند ٹرانسمیشن لائن سے بجلی کی فراہمی جاری ہے، ترجمان کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ ہمسایہ ملک ایران سے مکران کے علاقوں کو بجلی فراہم کرنے والی 132 کے وی جیکی گور۔ مند ٹرانسمیشن لائن سے بجلی کی فراہمی جاری ہے اور اس سلسلے میں ایران کی جانب سے اوسطاً یومیہ ان کے اوقات کار میں (یعنی صبح 10 بجے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

لاہور وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات سے ملک و صوبہ ایک بااصول لیڈر اور زیرک سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے، حاجی محمد خان طوراتمان خیل

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان طوراتمان خیل نے اپنے تعزیتی بیان میں صوبے کے پہلے وزیر اعلیٰ بزرگ سیاستدان سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات سے ملک و صوبہ ایک با

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

طورخم وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد بارڈر کے دورے کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چھ ستمبر کے دن پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج نے پوری قوم کی مدد سے دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی، صدر مملکت

مسلح افواج اور سیکورٹی اداروں نے ملک کو درپیش سیکورٹی چیلنجز پر کامیابی سے قابو پایا ہے، قوم کو ان کی صلاحیتوں اور جنگی تیاریوں پر اعتماد ہے

مجھے یقین ہے جذبہ ستمبر کسی بھی آزمائش کا ثابت قدمی سے مقابلہ کرنے میں ہماری مدد کرتا رہے گا، عارف علوی کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے یوم دفاع و شہداء کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ چھ ستمبر کے دن پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج نے پوری قوم کی مدد سے دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی، مسلح افواج اور سیکورٹی اداروں نے ملک کو درپیش سیکورٹی چیلنجز پر کامیابی سے قابو پایا ہے، قوم کو ان کی صلاحیتوں اور جنگی تیاریوں پر اعتماد ہے۔ مجھے یقین ہے یہ جذبہ ستمبر کسی بھی آزمائش کا ثابت قدمی سے مقابلہ کرنے میں ہماری مدد کرتا رہے گا۔

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے نیب نے موثر حکمت عملی وضع کی، چیئرمین نیب

موجودہ انتظامیہ کے دور میں نیب نے اب تک 535 ارب روپے کی ریکوری کی ہے، جسٹس جاوید اقبال

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو کے چیئرمین جسٹس (ر) جاوید اقبال نے کہا ہے کہ بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے نیب نے موثر حکمت عملی وضع کی جس کے نتیجہ میں موجودہ انتظامیہ کے دور میں اب تک 535 ارب روپے کی ریکوری ہوئی ہے۔ اپنے بیان میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

سردار عطاء اللہ مینگل کی سیاست ہمارے لئے وصیت ہے اور نصیحت بھی، سردار اختر مینگل

وہ بلوچستان بالخصوص پاکستان کی سیاست سے مایوس ہو چکے تھے ان کی رائے تھی کہ پاکستان میں اسٹیبلشمنٹ کا دم چھلا بن کر سیاست کر سکتے ہیں یا پھر اپنے لئے قبر بنا لیں

میرے والد اکثر ان کی کاوشوں کا ذکر کرتے تھے اور شاید اسی وجہ سے انہوں نے اپنی قبر کے لیے اس مقام کا انتخاب کیا۔ اس سوال پر وہاں کوئی پرانی قبریں ہیں، بلوچستان نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ بلوچ قوم پرست بزرگ رہنما مرحوم سردار عطاء اللہ خان مینگل کی سیاست ہی ہمارے لئے وصیت اور نصیحت ہے وہ بلوچستان بالخصوص پاکستان کی سیاست سے مایوس ہو چکے تھے ان کی رائے تھی کہ پاکستان میں اسٹیبلشمنٹ کا دم چھلا بن کر سیاست کر سکتے ہیں یا پھر اپنے لئے قبر بنا لیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے غیر ملکی نشریاتی ادارے بی بی سی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ سردار اختر مینگل نے بتایا کہ ہم لوگوں کا آبائی قبرستان وڈھ شہر کے عقب میں ہے لیکن والد نے وہاں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

دہشتگرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے درپے ہیں، وزیراعظم

بہادر جوان بھارت نواز دہشتگردوں کے عزائم خاک میں ملا رہے ہیں، صوبے کی عوام دہشت گردی کی عفریت کے خلاف اپنے سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے

ملک دشمن عناصر بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے درپے ہیں انہیں اپنے مذموم مقاصد میں کامیابی حاصل نہیں ہو گی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم عمران خان، گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا، وزیراعلیٰ جام کمال خان، اسپیکر بلوچستان اسمبلی، وفاقی و صوبائی وزراء سمیت دیگر نے کوئٹہ میں ایف سی پر ہونے والے بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بہادر جوان بھارت نواز دہشتگردوں کے عزائم خاک میں ملا رہے ہیں، صوبے کی عوام دہشت گردی کی عفریت کے خلاف اپنے سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے دہشتگرد اپنے بزدلانہ حملوں سے ملک کے جانثاروں کے حوصلے پست نہیں کر سکتے ملک دشمن عناصر بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے درپے ہیں انہیں اپنے مذموم مقاصد میں کامیابی حاصل نہیں ہو گی۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم عمران خان، گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا، وزیراعلیٰ جام کمال خان، اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی محمد قاسم خان سوری، وفاقی وزراء شیخ رشید احمد، شیریں مزاری، صوبائی وزراء ظہور احمد بلیدی، میر سلیم کھوسہ، سردار عبدالرحمن کھیتران، حاجی محمد خان

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

صرف تین ماہ میں قومی خزانے کو 50 کروڑ ڈالر یعنی 83 ارب روپے کا نقصان حکومتی جرائم کا ثبوت ہے، شہباز شریف

سٹیٹ بینک اور پیرا رپورٹ میں کیس اور فیس دونوں صاف نظر آ رہے ہیں، خدا کرے نیب کو بھی نظر آ جائیں، صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے اسٹیٹ بینک اور پیرا کی سٹیٹ آف انڈسٹری رپورٹ کو مسلم لیگ (ن) کی سچائی اور حکومت کے جھوٹ کا ثبوت قرار دیتے ہوئے کہا کہ صرف تین ماہ میں قومی خزانے کو 50 کروڑ ڈالر یعنی 83 ارب روپے کا نقصان حکومتی جرائم کا ثبوت ہے، حکومت نے مارکیٹ سے 30 فیصد مہنگی ایل این جی خرید کر عوام پر ظلم ڈھایا، آج کیا ہو رہا ہے، نیب کو نظر نہیں آ رہا، وہ پانچ سال پرانے معاہدوں کو کھنگال رہی ہے، افسوس ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیرا کی رپورٹ سے ثابت ہو گیا کہ ہم نے قوم سے جو کچھ کہا وہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

دہشتگردی کیخلاف قوم سیکیورٹی فورسز کیساتھ کھڑی ہے، سیاسی و مذہبی جماعتیں

امن و امان کی صورتحال کا خراب ہونا فکرمندی اور پریشانی کا باعث ہے، پاکستان اب نیشنل ایکشن پلان کو سرد خانے میں رکھنے کا مزید متحمل نہیں ہو سکتا

امن و امان کی صورتحال کا خراب ہونا فکرمندی اور پریشانی کا باعث ہے، دہشتگردی کے خلاف پوری قوم سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سراج الحق سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں نے کوئٹہ میں خودکش دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن و امان کی صورتحال کا خراب ہونا فکرمندی اور پریشانی کا باعث ہے، پاکستان اب نیشنل ایکشن پلان کو سرد خانے میں رکھنے کا مزید متحمل نہیں ہو سکتا، دہشتگردی کے خلاف پوری قوم سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سراج الحق، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما نواب ثناء اللہ زہری، پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے سینئر رہنما، سردار یعقوب خان ناصر، شیخ جعفر خان مندوخیل، آغا شاہ زیب درانی، قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی و دیگر نے کوئٹہ بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کیا۔ قومی اسمبلی میں

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

حجاب دنیا کی ترقی میں رکاوٹ نہیں بلکہ عورت کا تاج زریں ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

یورپ کا خاندانی نظام تباہ ہوا ہے اب وہ مسلمانوں کے خاندانی معاشرتی نظام کو تباہ کرنے پر تلا ہوا ہے

کفار، سیکولر طبقات نے شعائر اسلام، عورت کا پردہ، جہاد، خاندانی نظام کو ٹارگٹ بنایا ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ کفار، سیکولر طبقات نے شعائر اسلام، عورت کا پردہ، جہاد، خاندانی نظام کو ٹارگٹ بنایا ہے یورپ کا خاندانی نظام تباہ ہوا ہے اب وہ مسلمانوں کے خاندانی معاشرتی نظام کو تباہ کرنے پر تلا ہوا ہے حجاب دنیا کی ترقی میں رکاوٹ نہیں بلکہ عورت کا تاج زریں ہے۔ تہذیبی کشمکش کے اس دور میں مسلمان عورت پر مزید ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ دنیا میں حجاب کا کلچر عام ہو رہا ہے۔ ہم نے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی کوئٹہ میں کالعدم ٹی ٹی پی کے خودکش حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کوئٹہ میں مستونگ روڈ پر واقع ایف سی چیک پوسٹ پر کالعدم ٹی ٹی پی کے خودکش حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ شہداء کے لواحقین سے تعزیت کرتے ہیں، زخمیوں کی صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ غیر

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ملتان پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کالم نویسوں اور مدیران سے گفتگو کر رہے ہیں

فسطائی بھارتی ریاست علی گیلانی سے اتنی خوفزدہ ہے کہ گھر پر دھاوا بول دیا، بھارت شرم کرو، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ فسطائی بھارتی ریاست علی گیلانی سے اتنی خوفزدہ ہے کہ گھر پر دھاوا بول دیا بھارت شرم کرو۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں علی گیلانی کی نعش چھینی، انہوں نے سید علی گیلانی کا جنازہ ان کے شایان شان نہیں ہونے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ایرانی سیکورٹی فورسز نے 219 پاکستانی شہریوں کو ایران کے مختلف شہروں سے گرفتار

پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں راہداری گیٹ کے مقام پر لیویز انتظامیہ کے حوالے کر دیئے

گرفتار پاکستانیوں میں پنجاب 157، خیبر پختونخواہ 31، سندھ 29 اور آزاد کشمیر 02 شامل تھے

تفتان (آن لائن) بلوچستان کے سرحدی علاقے تفتان میں ایرانی سیکورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 219 پاکستانی شہریوں کو ایران کے مختلف شہروں سے گرفتار کر کے پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں راہداری گیٹ کے مقام پر لیویز انتظامیہ کے حوالے کر دیئے۔ ایرانی سیکورٹی فورسز کے مطابق گرفتار ہونے والے 219 پاکستانی جو کہ بغیر قانونی دستاویزات کے ایران میں موجود تھے گرفتار کر لیا گیا۔ تفتان میں حکام کے مطابق گرفتار پاکستانیوں میں پنجاب 157، خیبر

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

تعلیم کے بغیر کوئی بھی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، گورنر بلوچستان

طلباء کو بھی ملک کے دیگر علاقوں کے طلباء کی طرح زندگی کے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع مل سکیں گے

دور حاضر میں معیاری تعلیم ہی ملک کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی اہمیت کی حامل ہے، سید ظہور احمد آغا

پشین (این این آئی) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ معیاری تعلیم کے حصول کے بغیر کوئی بھی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا دور حاضر میں معیاری تعلیم ہی ملک کی ترقی اور خوشحالی میں کلیدی اہمیت کی حامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان یونیورسٹی پشین کیمپس اور گرلز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول کے مختصر دورہ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا جب پشین پہنچے تو پشین پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی دی اس موقع پر ان کے ہمراہ پرنسپل سیکرٹری عبدالناصر دوتانی، ڈائریکٹر بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن شیرزمان، عبدالباری بڑیچ و دیگر آفیسران بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر پشین شیر احمد منگل، کیمپس کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر فہد سلیم، لا کالج پشین کے پرنسپل ڈاکٹر محمد

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو زرداری پہلے کراچی کے نالوں اور گندگی کی صورتحال پر توجہ دیں، زرتاج گل

بلاول بھٹو ڈیرہ غازی خان کی صورتحال دیکھ کر اپنے نالائق ترین وزیر اعلیٰ کو عثمان بزدار کی کارکردگی بتائیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے موسمیاتی تبدیلی زرتاج گل نے بلاول بھٹو زرداری کے خطاب پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری پہلے کراچی کے نالوں اور گندگی کی صورتحال پر توجہ دیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی بارش سے ڈوبا ہوا ہے، امن و امان کی صورتحال خراب ہے، بلاول بھٹو ڈیرہ غازی خان کی صورتحال دیکھ کر اپنے نالائق ترین وزیر اعلیٰ کو عثمان بزدار کی کارکردگی بتائیں، ان کی کارکردگی کرپشن سے بھری ہے، لاڑکانہ کو

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

شرپسندی کے واقعات سے فورسز کا مورال پست نہیں ہو گا، ضیاء لانگو

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں

دہشت گردی کے خلاف جنگ امن کے مکمل حصول تک جاری رہے گی، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ میں فورسز پر حملے کی شدید مذمت اور متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیر داخلہ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں دہشت گردی کے خلاف جنگ امن کے مکمل حصول تک جاری رہے گی پوری قوم شہداء کے خون کی قرض دار ہے وزیر داخلہ نے کہا کہ شہداء کی عظیم قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی ہم دہشت گردوں کا پوری قوت سے ساتھ مقابلہ کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے شرپسندی کے ایسے واقعات سے فورسز کا مورال پست نہیں ہو گا وزیر داخلہ نے شہید اہلکاروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بلوچستان میں کورونا وائرس کی شرح 2.76 فیصد ریکارڈ

29 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 31451 ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 29 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 31451 ہو گئی۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے 05 اضلاع کوئٹہ سے 23، گوادر اور لورالائی سے 2،2 جبکہ خضدار اور پنجگور سے ایک ایک کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد 31451 ہو گئی ہے صوبے میں کورونا وائرس کے مثبت کیسز کی شرح 2.76 فیصد ریکارڈ کی گئی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سید علی گیلانی کے اہل خانہ پر مقدمہ کا اندراج شرمناک اقدام ہے، سعد رفیق

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ بابائے حریت سید علی گیلانی کے اہل خانہ پر مقدمہ کا اندراج شرمناک اقدام ہے۔ اپنے ٹویٹ میں سعد رفیق نے کہا کہ علی گیلانی کی میت پر قبضے، عوام کو جنازے میں شرکت سے روکنے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

حکومت ملک میں غریب طبقہ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، ڈاکٹر بابر اعوان

74 سال کے مسائل تین سال میں حل کئے، انڈسٹری سے وابستہ افراد کیلئے آئندہ دو سال میں مزید فوکس کر کے اس شعبہ کو مزید ترقی دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں غریب طبقہ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، انڈسٹری سے وابستہ افراد کیلئے آئندہ دو سال میں مزید فوکس کر کے اس شعبہ کو مزید ترقی دی جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ ہمیں حکومت میں آئے تین سال ہو گئے ہیں اور ان تین سالوں میں ہم نے بڑے کام کئے ہیں، 74 سال کے مسائل تین سال میں حل کئے ہیں، ان میں پہلا مسئلہ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

افغانستان کے پڑوسی ممالک کے خصوصی نمائندوں کا ورچوئل اجلاس، تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) افغانستان کے پڑوسی ممالک کے خصوصی نمائندوں کا ورچوئل اجلاس ہوا جس میں افغانستان کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسلام آباد میں افغانستان کے پڑوسی ممالک کے خصوصی نمائندوں کا

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

پاکستان، کورونا وائرس سے مزید 61 افراد چل بسے، 3747 نئے کیسز رپورٹ

ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں پھر 31 ویں نمبر پر پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) سماجی فاصلے، ماسک کو نظرانداز کرنے اور ایس او پیز کی خلاف ورزیوں کے باعث پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر زور پکڑنے لگی، ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں پھر 31 ویں نمبر پر پہنچ گیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 3 ہزار 747 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 61 افراد اس موذی وبا کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے۔

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

مظفر آباد وزیر مملکت علی محمد خان وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی سے ملاقات کر رہے ہیں

کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے الیکشن میں بھرپور کامیابی حاصل کریں گے، قاسم سوری

کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے الیکشن میں پی ٹی آئی بھرپور کامیابی حاصل کر کے حقیقی معنوں میں عوامی خدمت جاری رکھیں گے

معاشرتی نظام و ترقی میں کلیدی کردار ہے جو عمران خان وژن اور پارٹی منشور ہے، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ معاشرتی نظام و ترقی میں کلیدی کردار ہے جو عمران خان وژن اور پارٹی منشور ہے کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کے الیکشن میں پی ٹی آئی بھرپور کامیابی حاصل کر کے حقیقی معنوں میں عوامی خدمت جاری رکھیں گے بالخصوص عوامی پذیرائی اس بات کی عکاسی اور دلیل ہے کہ 12 ستمبر کوئٹہ کے عوام تبدیلی کے نشان بلے پر مہر لگا کر پی ٹی آئی کو کامیاب بنائیں گے اور 25 جولائی جنرل الیکشن کی طرح نام نہاد سیاستدانوں کے ٹولے کو مسترد کریں گے جس انداز سے عوامی جذبہ کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں دیکھا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صوبے بھر کی طرح زیارت کراس دھرنا ایکشن کمیٹی کی اپیل پر لورالائی میں بھی صبح 8 بجے سے لیکر چار بجے تک مکمل پہیہ جام ہڑتال رہی

لورالائی (این این آئی) صوبے بھر کی طرح زیارت کراس دھرنا ایکشن کمیٹی کی اپیل پر لورالائی میں بھی صبح 8 بجے سے لیکر چار بجے تک مکمل پہیہ جام ہڑتال رہی۔ لورالائی کوئٹہ روڈ، سنجاوی روڈ اور لورالائی ڈیرہ غازی خان نیشنل ہائی وے پر مکمل پہیہ جام ہڑتال کی گئی جس کی وجہ سے ان شاہراہوں پر ہزاروں گاڑیاں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم کے مشیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ONLINE

6 ستمبر اور وزیر اعلیٰ جام کا پیغام

دفاع ہر سال 6 ستمبر کو پاکستان میں بطور ایک قومی دن منایا جاتا ہے۔ یہ دن پاک بھارت جنگ 1965ء میں افواج کی دفاعی کارکردگی اور قربانیوں کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

ہمیشہ پاکستانی قوم کے جذبے اور پاک افواج کے عزم و مہارت کے حوالے سے غلط فہمی کا شکار رہا ہے، دشمن نے جب بھی جارحیت کی پاک افواج نے منہ توڑ جواب دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ نہ صرف پاک فضائیہ کے سپوتوں نے 1965 میں دشمن کے ساتھ پیش

سے محبت اور مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور جانثاری کے جرأت مندانہ جذبے نے ملکر ناممکن کو ممکن بنا کر دکھایا، پاکستان پر 1965ء میں ہندوستان کی طرف سے جنگ کا تھوپا جانا پاکستانی قوم کے ریاستی نصب العین و قومی نظریہ، قومی اتحاد اور حب الوطنی کو بہت بڑا چیلنج

...

ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا ازلی دشمن آج بھی ہمارے خلاف جارحانہ عزائم رکھتا ہے، پاک افواج دشمن کی جانب سے کسی بھی قسم کی جارحیت اور مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، دشمن

کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ تاریخ گواہ ہے کہ 1965ء کی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ہونے والی اس جنگ میں ثابت ہوا کہ جنگیں ریاستی عوام اور فوج متحد ہو کر ہی لڑتی اور جیت سکتی ہیں۔ پاکستانی قوم نے اپنے ملک

زندہ کیا فوجی تصادم کے نتیجے میں ہزیمت اٹھائی تو یہ اعلان کر دیا کہ آئندہ ہندوستان پاکستان کے ساتھ جنگ کے لیے اپنی پسند کا محاذ منتخب کرے گا اس کے باوجود پاکستان نے ہندوستان سے ملحقہ سرحدوں پر کوئی جارحانہ طرز عمل اختیار نہیں کیا۔

آئین چاند کو چرائیں (آخری قسط)

سید غلام حیدر شاہ قلندری

اور دوسرے سفر میں، ایسے چاند پر قبضہ مافیا رسہ کشی میں مشغول ہیں اور Wifi بھی چلنے لگی چاند پہ، ٹوٹی اور جدا ہوئی ہوئی آوارہ روحیں جو چاند کو ایک محبوب سمجھ کر رونے اور منانے میں لگ جاتے تھے، کیا اب وہ کسی بیوٹی پارلر کی دکان کے سامنے انتظار کریں گے کہ کب محبوب تیار ہو کر باہر نکلے گا؟ جیسے ایک کماؤ مافیا بجٹ کے

انتظار میں کہ کونسی اشیاء مہنگی ہوگی، ایسے نوجوان جو ساری رات سوشل میڈیا پہ برباد کرنے کے بعد اس انتظار میں کہ کرونا کے باعث ہم بغیر امتحان پروموٹ ہو جائیں، ایسے سیاستدان ٹھیکہ اور کمیشن کی لالچ میں نوکریوں کو نیلام کرنے کے چکر میں ہیں اور آئندہ الیکشن کی سیٹنگ کے لئے رقم اکٹھی کرنے میں مشغول ہیں، ایسے ہی آجکل کی اولاد بظاہر میں تو والدین کو پانی کا گلاس پلانے سے بھی لاچار، باقی فادر ڈے پر کسی اچھے

کاپی پیسٹ تحریر کے انتظار میں ہوتے ہیں، بس ایسے نوجوان بھی دیکھیں ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ ہو آج پرندے کی طرح پردیس کی طرف نکلے تو گھونسلے میں مالک بن کر بیٹھوں، جیسے کسی کامل درویش کی اوباش اولاد اس سیاستدان کی اولاد کی طرح، مسند نشین ہونے کے لئے بے صبر ہوتا ہے، بس افراتفری کا جہاں ہے جو بھی حاصل ہو، ہم یار کی یاری میں غرق اور منافق مفادات میں در بدر۔

☆☆☆☆☆

٦ ستمبر ٢٠٢١ء یوم دفاع

میر افسر امان

پاکستانی قوم اور مسلح افواج ہر سال ٦ ستمبر کو یوم دفاع پاکستان شان شوکت سے مناتی ہے۔ ہمارے ازلی دشمن بھارت نے اعلان جنگ کیے بغیر رات کی تاریکی میں ٦ ستمبر کو پانچ سو ٹینکوں کے ساتھ لاہور

کے پانچ ہنٹر طیارے فضا میں تباہ کیے اور عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ ایم ایم عالم نے کل ٩ طیارے تباہ کیے اور ٢ کو نقصان پہنچایا۔ اس عالمی ریکارڈ پر ایم ایم احمد کو دو دفعہ ستارہ جرأت سے نوازا گیا۔ ٦٥ء کی جنگ میں پاکستان کے پاس امریکی کیمبرا، سیبر اور ایف زیرو ٦ جہاز تھے۔ جبکہ بھارت کے پاس

نے پھر سے امارت اسلامیہ قائم کرنے کی شروعات کر دیں ہیں لگتا ہے ١١ ستمبر ٢١ ٢٠ء کو اس کا تاریخی اعلان کریں گے۔

٦ ستمبر ٦٥ء کی جنگ میں بھی جہاد ہی کی وجہ سے پاکستانی فوج کو کامیابی ملی۔ آئندہ بھی جہاد کی وجہ سے مسلمان کامیاب ہوتے رہیں گے۔ شہید کے

...

خون چکاں فلسطین

حاجی محمد لطیف کھوکھر

...

کنول کا پھول

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

...

ختم نبوت کیا ہے؟؟؟

ڈاکٹر ساجد خاکوانی

...

کیا۔ شیطان جیسے انسان کو گمراہ کرنے کے نت نئے طریقے اختیار کرتا رہا ویسے اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام کو دنیا میں بھیجتا رہا اور انسانوں کو سیدھی راہ دکھائی جاتی رہی۔ پھر ایک وقت آیا کہ شیطان کو گمراہی میں

بعد پیش آنے والے حالات کے بارے میں اطلاعات دی ہیں۔ کتب آسمانی میں یہ اطلاعات بہت تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔ گزشتہ مقدس کتب میں اگرچہ انسانوں نے اپنی طرف سے بہت سی تبدیلیاں (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

www.dailyshal.com

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

06 ستمبر 2021ء

یوم دفاع پاکستان

پاکستان کی تاریخ قربانیوں سے رقم ہے قیام پاکستان سے آج تک ہماری جری اور بہادر افواج نے ملک وقوم کے تحفظ کے لئے لازوال قربانیاں دی ہیں پاکستان کی تاریخ میں 6 ستمبر کا دن انتہائی اہمیت رکھتا ہے یہ وہ دن ہے جس دن ہماری جری اور بہادر افواج نے اپنے سے کئی گنا طاقتور دشمن کا منہ توڑ جواب دے کر بھارتی افواج کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا اور بھارتی پیش قدمی کا بھرپور جواب دیتے ہوئے پاکستانی سرحدوں کی بخوبی حفاظت کی اور بزدل بھارتی دراندازوں کو اسلحہ وساز وسامان چھوڑ کر بھاگنے پر مجبور کیا 1965ء کی جنگ نہ صرف ہماری بہادر افواج کے لئے ایک عظیم اور تاریخی جنگ ہے بلکہ اس جنگ کے دوران قوم کا حب الوطنی کا جذبہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے اس جنگ میں ساری قوم ایک سیسہ پلائی دیوار کی مانند بن گئی تھی جسے شکست دینا ناممکن تھا۔ ہماری آرمی، نیوی، فضائیہ اور پوری قوم نے مل کر ہر محاذ پر بھارت کو منہ توڑ جواب دیا اور بزدل بھارتیوں کا غرور خاک میں ملاتے ہوئے اپنے وطن کی ایک انچ زمین بھی دشمن کو نہیں لینے دی جس کے لئے ساری قوم پاک افواج کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتی ہے عددی تعداد میں کم ہونے اور جنگی ساز وسامان کی قلت کے باوجود جذبہ ایمانی، جوان مردی، جرأت اور بہادری کا عظیم الشان مظاہرہ کرتے ہوئے ہماری جری افواج نے اپنی جانوں کے نذرانے دے کر پاک وطن کی حفاظت کی اور دشمن کے قدم اکھاڑ دیئے اور مادر وطن کے دفاع کے لئے ناقابل تسخیر بن گئے آج کے دن ہمیں اس عہد کی تجدید کرنی ہے کہ ہم اپنے عظیم شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے اور اپنے پیارے پاک وطن پاکستان کے تحفظ، سالمیت اور دفاع کے لئے اسی جذبہ ایمانی اور عزم کو ہمیشہ قائم رکھیں گے جس کا مظاہرہ پوری قوم نے 1965ء کی جنگ کے دوران کیا۔

جائیں تو جائیں کہاں

ریاض احمد ملک

آج میں گھر سے نکلا تو ایک جگہ ٹھہرنے کا اتفاق ہوا اس جگہ ایک دلخراش بات سامنے آئی ایک ننھا منا سا بچہ جس کی عمر شاید 6 سال ہوگی میں اس

ہے ان کا کہنا تھا کہ پیٹرول کی قیمت بڑھے تو سمجھو وزیر اعظم چور ہے اب یہ بتاؤ کہ کون چور ہے یہاں تو ہر مہینے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھا

حالت یہ ہے کہ ان کے ٹیسٹ 80 فیصد درست نہیں ہوتے آج میں راقم الحروف جو بات لکھ رہا ہوں میرے اپنے ساتھ بیتی ہے یہاں میری

...

اسے ایک جھٹکا سا لگا جب دوسرا پاؤں پہنچتے وقت اسے دوسرا اسنک ملا اس کے ساتھ ہی وفور جذبات سے اس کی آنکھیں اشکوں سے لبریز ہو گئیں۔ وہ اپنے گھٹنوں کے بل گر پڑا۔ اور آسمان کی طرف منہ کر کے اپنے رب کا شکر ادا کرنے لگا کہ جس

عقل مند ہیں دردمند نہیں ہیں

...

خود ہے۔ عمران خان کی بوئی ہوئی فصل پکنا شروع ہو گئی ہے اس کی پکی کٹائی کا منظر پوری قوم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ کیا کبھی عمران خان کو اپنی غلطی کا احساس ہوگا؟ عمران خان نے پاکستانی معاشرے میں نفرت کا جو زہر گھول دیا

مال غنیمت کو لوٹ مار کیا۔ آپ نے جنگ احد کے واقعات کو توڑ موڑ کر خوب مذاق کیا۔ ہم خاموش ہو گئے۔ اس نے داڑھی کا سر عام مذاق اڑایا آپ نے پھر ڈٹ کر دفاع کیا۔ ہم پھر خاموش ہو گئے اس نے (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی۔ سب ایڈیٹر: محمد بلوچ۔ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: بلت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جی اے اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

بقیہ شال 1
کرنے والوں نے موقع پر پہنچ کر کارروائی شروع کردی، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ اظہر اکرام کے مطابق زخمیوں میں سے کئی کی حالت تشویشناک ہے ،پولیس تفتیش کررہی ہے ۔ڈی آئی جی پولیس اظہر اکرم نے چار سیکورٹی اہلکاروں کے جان سے جانے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ حملے میں 17 سیکورٹی اہلکار اور دوشہری زخمی ہوئے ۔ان کا مزید کہنا تھا کہ تین زخمیوں کی حالت تشویش ناک ہے ۔صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے سونا خان مستونگ روڈ پر سیکورٹی فورسز پر ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے اس سلسلے میں رپورٹ طلب کرلی ہے ،میر ضیاء اللہ لانگو نے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں جنہیں کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا ،دہشتگردی کے خاتمے اور مکمل امن وامان کے قیام تک یہ جنگ جاری رہے گا۔

بقیہ شال 2
آج بھی ہمارے خلاف جارحانہ عزائم رکھتا ہے، پاک افواج دشمن کی جانب سے کسی بھی قسم کی جارحیت اور مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، دشمن ہمیشہ پاکستانی قوم کے جذبے اور پاک افواج کے عزم و مہارت کے حوالے سے غلط فہمی کا شکار رہا ہے، دشمن نے جب بھی جارحیت کی پاک افواج نے منہ توڑ جواب دیا ہے۔ وزیراعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ نہ صرف پاک فضائیہ کے سپوتوں نے 1965 میں دشمن کے ساتھ پیش آنے والے فضائی معرکے میں بہادری کی نئی داستان رقم کی اور ملک وقوم کا وقار بلند کیا بلکہ 27 فروری 2019 کو بھی پاک فضائیہ کے شاہینوں نے بھارت کے دو جنگی جہاز گرا کر نہ صرف قوم کا مورال اور سر فخر سے بلند کیا بلکہ دنیا کو بتادیا۔

بقیہ شال 3
واقعات میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اب نیشنل ایکشن پلان کو سردخانے میں رکھنے کا مزید متحمل نہیں ہوسکتا دہشتگردی کے خلاف جنگ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے جوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں بلاول بھٹو زرداری نے دہشتگردی میں شہید ہونے والوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی و یکجہتی کا اظہار اور زخمی ہونے والوں کے کے لئے بہتر علاج معالجے کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ شال 4
کے بجائے لوہی میں تدفین کی وصیت کرائی جو کہ چند کلومیٹر کے فاصلے پر وڈھ شہر کے مشرق میں واقع ہے۔سردار اختر مینگل نے بتایا کہ اس علاقے کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ نصیر خان نوری جب یہاں آتے تھے تو وہ اس علاقے میں اپنا پڑاؤ ڈالتے تھے۔انہوں نے بتایا کہ سردار عطا اللہ مینگل نصیر خان نوری سے زیادہ متاثر تھے اور وہ ان کے آئیڈیل تھے کیونکہ نصیر خان نے نہ صرف بلوچ قبائل کو اکٹھا کیا بلکہ ان کی پہلی کنفیڈریسی بھی قائم کی ۔میرے والد اکثر ان کی کاوشوں کا ذکر کرتے تھے اور شاید اسی وجہ سے انھوں نے اپنی قبر کے لیے اس مقام کا انتخاب کیا۔ اس سوال پر وہاں کوئی پرانی قبریں ہیں تو ان کا کہنا تھا کہ شہدا کی قبرستان لوہی سے آگے ہے جو کہ دوؤکی کہلاتا ہے۔ اس علاقے میں گوہرام اور لالو سمیت نورا مینگل کے ان دیگر ساتھیوں کی قبریں ہیں جو کہ انگریزوں کے ساتھ معرکے میں مارے گئے تھے۔

بقیہ شال 5
اپوزیشن لیڈر اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر شہباز شریف نے کوئٹہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان کی صورتحال کا خراب ہونا فکر مندی اور پریشانی کا باعث ہے۔مسلم لیگ نون کے صدر شہباز شریف نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ واقعے کے شہدا کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائیں اور لواحقین کو صبر دیں ۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کوئٹہ میں دہشتگرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس اور شہید ہونے والوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی ویکجہتی کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا کہ واقعے میں زخمی ہونے والوں کیلئے بہتر علاج معالجے کو یقینی بنایا جائے ۔ بلاول بھٹو زرداری نے دہشتگردی کے واقعات میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں ۔بلاول بھٹو کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان اب نیشنل ایکشن پلان کو سردخانے میں رکھنے کا مزید متحمل نہیں ہوسکتا۔

بقیہ شال 6
لہڑی، پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ، سینیٹر سعید احمد ہاشمی، نصیب اللہ بازئی، میر سرفراز بگٹی، میر عبدالکریم نوشیروانی، میر عاصم کرد گیلو، حاجی ولی محمد نورزئی، وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ عبدالخالق ہزارہ، قادر علی نائل، ودیگر نے کوئٹہ بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کیا ۔وزیر اعظم عمران خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے جاری کردہ پیغام میں کوئٹہ میں ایف سی چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی مذمت کی اور شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی اور سیکیورٹی فورسز اور ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ عمران خان نے اپنی ٹویٹ میں مزید کہا کہ سیکیورٹی فورسز قربانیاں دے کر

بیرونی حمایت یافتہ دہشتگردوں کے منصوبوں کو ناکام بناتے ہیں ۔گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے سونا خان چیک پوسٹ کے قریب سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دھماکہ کے نتیجے میں اہلکاروں کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے رنج ودکھ کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ شال 7
شعیب کاکڑ سمیت تحریک انصاف کے کارکنان بھی موجود تھے ڈاکٹر محمد شعیب کاکڑ نے کیمپس کے تعلیمی سرگرمیوں، ترقیاتی منصوبوں سمیت کیمپس کے مختلف معاملات پر بریفنگ دی گورنر نے کیمپس کے مختلف کلاسز کا جائزہ لیا اور زیر تعمیر بلاک کا معائنہ کیا۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ پشین میں بلوچستان یونیورسٹی کے قیام سے یہاں کے طلباء کو بھی ملک کے دیگر علاقوں کے طلباء کی طرح زندگی کے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع مل سکیں گے ، انہوں نے کہا کہ یہاں سے فارغ التحصیل گریجویٹس ملک کا فخر اور قیمتی اثاثہ ہیں ،معیار تعلیم میں اضافہ اور تحقیق پر مبنی تعلیم کے فروغ کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کی جائیگی، ہمارے طالب علم صلاحیتوں کے اعتبار سے کسی سے کم نہیں، انہیں صرف صحیح سمت میں رہنمائی کی ضرورت ہے، دنیا کے ساتھ چلنے کے لئے تحقیق پر مبنی تعلیم سے طلبہ کو سنوارنا ہوگا۔ معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے مزید اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ شال 8
وہ مثالی ہے پی ٹی آئی کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں کامیابی کے بعد اکیلے امیدوں پر پوری اترے گی کنٹونمنٹ بورڈ کے الیکشن میں لوگوں کی پی ٹی آئی کی حمایت یافتہ امیدواروں کی جیت کی عکاسی کرتی ہے جس سے مخالفین پریشان ہیں پی ٹی آئی کے ٹائیگرز اس سلسلے میں دن رات محنت کرکے وزیراعظم عمران خان کا پیغام پہنچانے میں مصروف عمل تھے اور 12 ستمبر کو بھی محنت رنگ لائی گی اور ہم سرخرو ہوں گے پی ٹی آئی کے ورکرز الیکشن کے لئے دن بھرپور الیکشن کیمپین کے علاوہ الیکشن کیدن ممکنہ طور پر ووٹرز سے ووٹ کاسٹ کراکے اپنے امیدواروں کو کامیاب کراتا ہے اور تبدیلی اور مثبت انقلاب میں اپنا کردار ادا کرتا ہے۔

بقیہ شال 9
وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان سمیت خطے کے مفاد میں ہے، صرف جامع سیاسی تصفیہ کے ذریعے ہی افغانستان کے لوگوں کو تحفظ اور امن فراہم کیا جاسکتا ہے۔وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ عالمی برادری کو افغانستان کی معاشی مدد اور تعمیر نو میں کردار ادا کرنا چاہیے، افغانستان کو معاشی طور پر مضبوط کرنے کی ضرورت ہے ۔وزیراعظم نے ایکسپو 2020 ، کیلئے بہترین انتظامات کرنے پر ولی عہد کو مبارکباد پیش کی ،وزیراعظم نے ایکسپو 2020 ، کے انعقاد کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ گفتگو میں دونوں رہنماؤں نے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے اور مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ شال 10
تیار کرنے میں اربوں روپے خرچ کیے، بی ایل اے ،بی ایل ایف اور داعش کے ملوث ہونے بارے ابھی کچھ کہنا قبل از وقت ہے ، خفیہ ادارے تحقیقات کررہے ہیں، ڈی جی آئی ایس آئی افغانستان میں ہیں تو بھارت کو کیا تکلیف ہے ؟ ہم اپنی سرزمین کو ہرگز افغانستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے اور امید رکھتے ہیں کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہوگی ، خطہ سیاسی تبدیلیوں کے ساتھ ترقی کرنے جارہا ہے ، افغانستان کا امن، استحکام اور ترقی دراصل ہماری بھی کامیابی ہے۔ اتوار کو یہاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کاش بین الاقوامی میڈیا افغانستان سے رخصت ہونے والے بھارتیوں کے چہرے دکھا سکتا کہ کس طرح ان کے منہ لٹکے ہوئے تھے۔

بقیہ شال 11
اتوار کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر کو ہمارا یوم دفاع وشہداء ، ہماری تاریخ میں اس جرات و بہادری ، حب الوطنی اور فرض سے لگن کی علامت ہے جس کا مظاہرہ ہماری بہادر قوم اور افواج نے کیا تھا ۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن 56 برس قبل، افواج پاکستان کے افسران اور جوانوں نے اپنی بے مثال جراتمندی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا تھا ، پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج نے پوری قوم کی مدد سے دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی۔ انہوں نے کہا کہ میں ان تمام افسران اور جوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے دفاع وطن کی خاطر جرات و بہادری کا بے مثال مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں شہداء کے خاندانوں کو بھی ان کے حوصلے اور صبر و استقامت پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔ مسلح افواج اور سیکورٹی اداروں نے ملک کو درپیش سیکورٹی چیلنجز پر کامیابی سے قابو پایا ہے اور قوم کو ان کی صلاحیتوں اور جنگی تیاریوں پر اعتماد ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ہماری مسلح افواج اور سیکورٹی ادارے ملک کی داخلی سلامتی میں فعال کردار ادا کررہے ہیں اور انہوں نے دہشت گرد عناصر کو شکست دے کر ہمیں امن فراہم کیا، ہماری افواج زلزلوں، سیلاب اور دوسری قدرتی آفت میں بھی اپنا کردار ادا کررہی ہیں اور اقوام متحدہ کے پرچم تلے عالمی امن برقرار رکھنے میں بھی تعاون کررہی ہیں۔

بقیہ شال 12
اصول پسند اور زیرک سیاستدان سے محروم ہوگیا ہے اکے انتقال سے جو خلا پیدا ہوا وہ صدیوں میں بھی شاید پورا نہ ہوسکے انہوں نے بلوچ قوم سمیت پورے ملک کے مظلوم اقوام کے حقوق کیلئے ہمیشہ اپنا کردار ادا اور اکے حق کیلئے ہرفورم پر آواز بلند کی انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک باکردار مخلص بے باک اور منجھے ہوئے قومی رہنما تھے انہوں نے حق پر کھڑے ہوکر ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی وہ کرسی کیلئے نہیں اپنے صوبے کے عوام کے وسائل پر ان کے حق کو تسلیم کرنے کیلئے ساری عمر جدوجہد کرتے رہے وہ انسانی برابری پر یقین رکھتے تھے اور ملک میں جمہوریت کے استحکام آئین و پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتے تھے ان جیسے قومی وجمہوری رہنما صدیوں میں بھی پیدا نہیں ہوسکتے انہوں نے کہا کہ اکے فرزند بی این پی مینگل کے سربراہ سردار اختر جان مینگل اپنے والد کے مشن پر چلتے ہوئے اکے سیاسی فکر وفلسفے عمل پیرا ہوکر اکے قومی ارمانوں کو ضرور پورا کریں گے ہم سردار اختر جان مینگل کے غم اور دکھ کی گھڑی میں اکے ساتھ ہیں اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند اور انھیں اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بقیہ شال 13
سے رات 12 بجے تک) بجلی کے کوٹہ میں کمی کرکے صرف 10 سے 20 میگاواٹ بجلی فراہم کردی جاتی ہے جس کی وجہ سے اس دوران تربت، گوادر اور پنجگور کے علاقوں میں اضافی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جبکہ رات کے وقت 12 بجے سے صبح 10 بجے 80 تا 90 میگاواٹ بجلی فراہمی کے بعد صورتحال معمول پر آجاتی ہے ۔تاہم کیسکو نے اس دوران ایران کی جانب سے بجلی کی بندش پر پیش آنے والی زحمت کیلئے مکران کے تمام صارفین سے معذرت کی ہے۔

بقیہ شال 14
انہوں نے کہا کہ گیلانی اینڈ گیلپ کے سروے میں 59 فیصد پاکستانی عوام نے نیب پر اعتماد کا اظہار کیا ہے جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ قومی احتساب بیورو قانون کے مطابق نیب بلاتفریق احتساب کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے ۔ بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے فعال حکمت عملی کی وجہ سے سزاؤں کی مجموعی شرح 66 فیصد ہے جو دنیا بھر میں وائٹ کالر جرائم کی تحقیقات میں اہم کامیابی ہے ،دنیا بھر میں موقر اداروں جیسے ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل، عالمی اقتصادی فورم ،گلوبل پیس کینیڈا، پلڈاٹ اور مشال پاکستان نے بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے نیب کے مثالی کوششوں کو سراہا ہے ۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ قومی احتساب بیورو کسی دھمکی اور تنقید کے باوجود اپنی قانونی ذمہ داریاں ادا کرے گا ۔نیب کی انتظامیہ قانون کے مطابق انکوائریز اور تحقیقات کا عمل جاری رکھیں گی۔

بقیہ شال 15
حرف بہ حرف سچ تھا ،سستی بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کو چلانے کے بجائے مہنگی بجلی پیدا کرکے قوم کی جیب کاٹی گئی ،کم پیداواری صلاحیت اور مہنگی بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کو استعمال کرکے عوام کے مسائل بڑھائے گئے ، مہنگے پاور پلانٹس کو چلانے سے ملک پر مالی بوجھ اور قرض بڑھ گیا ،نقصان عوام اور پاکستان کا ہوا ،اسٹیٹ بینک کی دوسری سہ ماہی رپورٹ ثبوت ہے کہ ایل این جی کی وجہ سے بجلی کی لاگت میں کمی آئی ، اللہ کا شکر ہے کہ سیاسی انتقام سے بھری حکومت میں بھی ملک وقوم کے لئے ہماری خدمت اور دیانت کی گواہی آرہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ 2017 سے 2020 کے دوران 234 ارب روپے کی بچت ہماری مخلصانہ عوامی خدمت کا ثبوت ہے ،ہم نے جو محنت کی ، اس سے قوم کے پیسے کی بچت ہوئی ،عوام کو ریلیف ملا ،اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں ۔2018 اور 2019 کی سٹیٹ بنک کی پہلی سہ ماہی رپورٹ نے تصدیق کردی کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی ہمارے اقدامات کی وجہ سے ہوئی ، ہماری محنت سے درآمدات میں 7,22 فیصد کمی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں نے ایک تہائی کردار ادا کیا ۔ یہ نوازشریف کی محنت ہے ۔انہوں نے کہا کہ فرنس آئل منگوانے میں کمی اور بجلی کو کوئلے کے استعمال سے درآمدات میں کمی ہوئی ،یہ نوازشریف کے وژن کی جیت ہے ۔2019 میں تھر میں کوئلے سے چلنے والے 660 میگاواٹ پاور پلانٹ چلنے سے بجلی کی پیداوار میں 45 فیصد اضافہ ہوا ، یہ چین کا تعاون تھا ۔سٹیٹ بنک اور نیپرا رپورٹ میں کیس اور فیس دونوں صاف نظر آرہے ہیں ،خدا کرے نیب کو بھی نظر آجائیں۔

بقیہ شال 16
پختون خواہ 31 ،سندھ 29 اور آزاد کشمیر 02 شامل تھے ان میں 49 ایسے افراد بھی شامل ہیں جن کے پاس قومی شناختی کارڈ نہیں تھے انہیں راہداری گیٹ کے انچارج میر الہیٰ بخش توتیزئی نے واپس ایرانی سیکورٹی فورسز کے حوالے کردیا تفتان میں لیویز حکام کے مطابق گرفتار پاکستانیوں کو راہداری گیٹ کے مقام پر محکمہ صحت کے پیرامیڈیکس اسٹاف نے ان کی اسکریننگ اور کرونا ٹیسٹ بھی کی گئی ۔اور ابتدائی تفتیش کے بعد معلوم ہوا ہے کہ یہ گرفتار پاکستانی بہتر روزگار کے لیے بلوچستان کے راستے ایران سے یورپ جانا چاہتے تھے جنہیں لیویز فورس نے ابتداء کاروائی مکمل کرنے کے بعد مزید تفتیش کے لیے ایف آئی اے حکام کے حوالے کر دیے گئے ۔ واضح رہے کہ اس سے قبل میں سینکڑوں کی تعداد میں ایران کے راستے یورپ جانے والے پاکستانی نہ صرف ایرانی سیکورٹی فورسز کے ہاتھوں گرفتار ہوکر واپس پاکستان آچکے ہیں بلکہ سال رواں میں یورپ جانے کے خواہشمند درجنوں افراد راستے میں بھوک اور پیاس سے مرچکے ہیں۔

بقیہ شال 17
دیا، اب بھارت اس غم زدہ خاندان کے خلاف کیس درج کرکے ان کو ڈرانے کی کوشش کر رہا ہے ، بھارت ، شرم کرو۔

بقیہ شال 18
مل حمایت یافتہ دہشتگردوں کو ناکام بنانے والی سیکورٹی فورسز اور ان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ شال 19
فیصلہ کرنا ہے کہ اپنی تہذیب کو مغرب کے حوالے کرنا ہے یا اسوۂ رسولؐ کو اپنانا ہے ۔اسلامی نظام ہی مسائل کا حل ،بلوچستان کی ترقی ، امن و خوشحالی کیلئے لازمی ہے ۔انہوں نے کہا کہ مسلمان عورت کی آئیڈیل حضرت خدیجہؓ اور حضرت فاطمہؓ جیسی شخصیات ہیں ۔ مغرب نے عورت کو کھلونا بنایا، اسلام نے عورت کو بلند مرتبہ پر فائز کیا ۔ نظریہ پاکستان پر حملے ہو رہے ہیں، ہمارا تعلیمی نظام دشمنوں کے نشانے پر ہے افغان ماؤں نے حریت کی گھٹی افغانیوں کے گلے میں اتاری ۔ حکمرانوں نے ہمیشہ اسلام، اسلامی نظام، ریاست مدینہ کے نام پر قوم کو بار بار دھوکا دیا ۔ عوام الناس بالخصوص بلوچوان ، علمائے کرام اور خواتین ملکر جماعت اسلامی کا ساتھ دیں تا کہ عدل وانصاف کا اسلامی نظام قائم ہوجائے ۔ اسلامی نظام قائم ہوگا تو عوام کو انصاف ملیگا ملک ترقی کریگا اور بلوچستان بھی خوشحال ہوگا جو ہم عوام سے وعدہ کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اقتدار دیا تو ملک کو قرآن وسنت کا گہوارہ بنائیں گے ۔ حجاب دنیا میں شرافت کی علامت ہے ۔ پردہ کبھی بھی دنیا کی ترقی میں رکاوٹ نہیں بنتا ، ہم نے ان خواتین کو بھی دیکھا ہے جو اعلیٰ ترین عہدوں پر فائز ہیں ،مگر حجاب کرتی ہیں ۔ سیکولر طبقات نے دنیا میں مسلمان عورت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے ،ہماری خواتین دلیل سے اس کا مقابلہ کررہی ہے ۔

بقیہ شال 20

ایڈز زدہ کردیا ہے ۔ زرتاج گل نے کہا کہ سندھ میں کتے کاٹنے کی ویکسین نہیں ملتی ،وہ اپنے میزبان کھوسہ صاحبان کو بتا کرنے آئے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ان کے گھر پر شیر پھر بلا اور اب جعلی بھٹو کی تصویر لگی ہے ،ان کو ڈر ہے کہ کھوسہ برادران ، کسی اور کی تصویر نہ لگا لیں ۔ انہوں نے کہا کہ وہ اقتدار کی خاطر کچھ بھی کرسکتے ہیں ،سیاسی وابستگی بدلنا کھوسہ برادران کا وطیرہ ہے ،ہم نے تین سالہ کارکردگی عوام کے سامنے رکھی سندھ میں 13 سال سے مسلسل پیپلز پارٹی کی حکومت ہے ، ہمت کریں تیرہ سال کی کارکردگی عوام کے سامنے رکھیں اصلیت سامنے آجائے گی ۔ زرتاج گل نے کہا کہ کراچی گندگی کا ڈھیر بن چکا ہے ،کراچی معاشی مرکز ہونے کے باوجود پیپلز پارٹی کی قیادت اور کرپشن نے اسے تباہ کردیا ۔ انہوں نے کہا کہ کراچی آپ کے وزیر اعلیٰ نے تباہ کردیا ، ڈیرہ غازی خان میں وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کی قیادت میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے ، بلاول بھٹو نے خالی کرسیوں کے جلسے سے خطاب کیا ۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں ان کی ضمانتیں ضبط ہوں گی ،ہم نے اپنی تین سالہ کارکردگی عوام کے سامنے رکھی ہے اسی کارکردگی پر پی ٹی آئی بھاری اکثریت سے جیتے گی ۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دور میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے اور لوگوں کی فلاح و بہبود کے مختلف منصوبے جاری ہیں ، ماضی میں جنوبی پنجاب کے فنڈز میں لوٹ مار کی گئی ، ماضی میں جنوبی پنجاب سے پیپلز پارٹی کا وزیراعظم ہونے کے باوجود کوئی کام نہیں ہوا۔ زرتاج گل نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے نعرے لگانے والوں کو عوام پہلے ہی بری طرح مسترد کرچکی ہے ، کسی نے ان کی آخری سانسیں لیتی جماعت میں شمولیت اختیار نہیں کی ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت جنوبی پنجاب سیکریٹریٹ قائم کردیا ،190 ارب روپے کا ریکارڈ پی ایس ڈی پی مختص کیا ،جب بھی کراچی ڈوبنے لگتا ہے سندھ کو ضرورت ہوتی ہے ،بلاول بھٹو پنجاب کی سیر پر نکل آتے ہیں ۔ عمران کی قیادت میں تحریک انصاف آئندہ الیکشن میں سندھ میں بھی انشاءاللہ حکومت بنائیگی ۔

بقیہ شال 21
اس کے مزید 2 ہزار 940 مریض شفایاب ہو گئے ، مثبت کیسز کی شرح 6 اعشاریہ 4 فیصد ہو گئی ۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 26 ہزار 175 مریض انتقال کر چکے ہیں اس موذی وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 11 لاکھ 79 ہزار 305 ہو چکی ہے ۔ ملک بھر میں ہسپتالوں ، قرنطینہ سینٹرز ، وینٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 92 ہزار 249 مریض زیر علاج ہیں ، جن میں سے 5 ہزار 506 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے ، 10 لاکھ 60 ہزار 881 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں ۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 57 ہزار 908 ٹیسٹ کیے گئے ، اب تک کل 1 کروڑ 80 لاکھ 53 ہزار 326 کورونا ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں ۔ پاکستان بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 12 لاکھ 28 ہزار 44 افراد کو کورونا وائرس کی ویکسین دی گئی ، اب تک کل 5 کروڑ 93 لاکھ 84 ہزار 758 کورونا ویکسین کی خوراکیں دی جا چکی ہیں ، اب تک 1 کروڑ 85 لاکھ 12 ہزار 319 افراد کی مکمل ویکسینیشن ہو چکی ہے ۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 4 لاکھ 37 ہزار 311 ہو چکی ہے ، اس سے کل اموات 6 ہزار 955 ہو گئیں ۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 4 لاکھ 1 ہزار 373 مریض رپورٹ ہوئے ہیں ، یہاں کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 12 ہزار 39 ہو چکی ہیں ۔ خیبر پختون خوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 64 ہزار 732 ہو چکی ہے ، اس سے یہاں کل اموات 5 ہزار 87 ہو گئیں ۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 1 لاکھ 758 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں ، اب تک یہاں کل 873 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں ۔

بقیہ شال 22
ورچوئل اجلاس ہوا ، پاکستان نے افغانستان کے پڑوسی ممالک کے خصوصی نمائندوں کے ورچوئل اجلاس کی میزبانی کی ۔ دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں افغانستان کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ اجلاس کی صدارت پاکستان کے افغانستان کے لیے نمائندہ خصوصی محمد صادق نے کی ۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ورچوئل اجلاس میں ایران ، چین ، ترکمانستان ، ازبکستان اور تاجکستان کے نمائندوں نے شرکت کی ۔ اجلاس میں اتفاق کیا گیا کہ افغانستان میں امن پورے خطے کی سلامتی ، استحکام اور خوشحالی کے لیے ضروری ہے ۔

بقیہ شال 23
پاکستان کا جو قانون نظام ہے ، وہ کنسٹرکشن انڈسٹری ، بینکنگ اور سرمایہ کاری کے حوالہ سے تھی ، فورتھ کلوڈر کا قانون تھا ، ان میں مقدمہ بازی کے بعد حکومت کامیاب ہوئی اور وہ قانون بن گیا ، کاروبار میں آسانیاں پیدا کی ، جو سرمایہ کار ، بلڈرز ، کنسٹرکٹرز اور صنعت کار ہیں ہر جگہ یہ کہتے رہے اور دکھائی دیئے کہ ان کیلئے کاروبار میں آسانیاں پہلے نہیں تھیں ۔ انہوں نے کہا کہ اس انڈسٹری سے وابستہ جو لوگ ہیں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان کا مستقبل اس انڈسٹری کے ساتھ وابستہ ہے اور تین سال بعد وہ انڈسٹری جس کو مری ہوئی انڈسٹری کہا جاتا تھا اس کا پہیہ چل پڑا ہے ، انشاءاللہ اس انڈسٹری پر مزید فوکس کرکے اس شعبہ کو مزید ترقی دی جائے گی اور وہ سارے شعبے جو نوکریاں ، ملازمتیں اور کاروبار پیدا کرتے ہیں ۔

بقیہ شال 24
جنازہ و وصیت کے برعکس تدفین نے بھارتی جمہوریت کو مزید داغدار کیا ہے ۔ کشمیریوں کا جذبہ آزادی سرد نہیں ہوگا ، پاکستان سے رشتہ کبھی نہیں ٹوٹے ۔

بقیہ شال 25
رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے 10 مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں سے 06 مریضوں کو ہائی آکسیجن فلو جبکہ 04 کو لو آکسیجن فلو پر رکھا گیا ہے رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا وائرس کے شکار 77 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 30680 ہوگئی جبکہ صوبے میں کورونا وائرس کے فعال مریضوں کی تعداد 431 ہے ، رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں کورونا وائرس کے 1052 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے 29 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی جبکہ 235 کے نتائج آنا باقی ہیں رپورٹ کے مطابق صوبے میں اب تک کورونا وائرس سے 340 اموات ہوچکی ہیں ۔

بقیہ شال 26
ٹرک اور عام چھوٹی بڑی گاڑیوں کے قطار لگ گئیں تاہم ایمرجنسی میں مریضوں اور خواتین کو جانے کی اجازت دی گئی ایکشن کمیٹی کے ارکان ہڑتال کی مانیٹرنگ کرتے رہے اور باقاعدہ اسکے لئے کیمپس بنائے گئے ہڑتال کی حمایت اکثر سیاسی جماعتوں نے کررکھی تھی ہڑتال پرامن رہا اور کسی قسم کی زور زبردستی نہیں کی گئی لورالائی کے تمام انجمنوں نے ہڑتال کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا جس پر ایکشن کمیٹی میں شامل سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں قبائل نے اکنے تعاون کو سراہا اور شکریہ ادا کیا۔

بقیہ شال 27
شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نامزد ملزمان میں سے 2 کو گرفتار کرلیا ہے ۔ایس پی جاتی محمد انور بادینی کے مطابق والمندرین بازار میں کار گاڑی پر مسلح افراد نے فائرنگ کردیا کار گاڑی میں سوار حاجی مستان بروہی شدید زخمی ہوگیا والمندرین ہسپتال میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد کوئٹہ ریفر کردیا راستے میں زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا والمندرین پولیس نے بھر وقت کارروائی کرتے ہوئے نامزد ملزمان میں سے عبدالرحمان اور عبدالستار کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق معاملہ زمین کی تنازعہ کا لگ رہا ہے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ شال 28
ایک کو زندہ بچالیا گیا ۔تفصیلات کے مطابق کراچی سے لسبیلہ کے ساحل کنڈ ملیر کے مقام پر پکنک منانے آنیوالے دو نوجوان نہاتے ہوئے سمندر کے گہرے پانی میں ڈوبنے کے باعث ایک نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ ایک کو زندہ بچالیا گیا نعش اور سمندر میں ڈوب کر متاثر ہونے والے نوجوان کو بس کے ذریعے DHQ ہسپتال اوتھل منتقل کردیا گیا سمندر میں ڈوب کر جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت فرحان ولد عمر فاروق ساکن آگرہ تاج لیاری سے ہوئی جو اپنے دوستوں کے ساتھ پکنک منانے لسبیلہ کے ساحل کنڈ ملیر پر آئے تھے ہسپتال میں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔

بقیہ شال 29
اہلکاروں کی نماز جنازہ کوئٹہ میں ادا کردی گئی نماز جنازہ میں گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا ، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی آئی جی ایف سی نارتھ محمد یوسف مجوکہ نے شرکت کی اس موقع پر شہداء کی روح کو ایصال ثواب کے لئے دعا کی گئی بعد ازاں شہداء کو سلامی پیش کی گئی اور سرکاری اعزاز کے ساتھ میتوں کو آبائی علاقوں کی جانب روانہ کردیا گیا۔

بقیہ شال 30
کوئٹہ میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قیام امن کیلئے برسرپیکار سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا انہوں نے کہا کہ کوئٹہ : بلوچستان سے ملحقہ سرحدوں پر سیکورٹی مزید سخت کی جائے انہوں نے دھماکے میں انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

بقیہ شال 31
پڑے ہیں ۔کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے پرویز خٹک نے کہا کہ پاکستان حقیقی معنوں میں ترقی کی راہ پر گامزن ہے ۔ پرویز خٹک نے کہا کہ عمران خان کی توجہ غریب عوام کے مسائل کے حل پر ہے ۔انہوں نے کہا کہ حکومت دیہات کی ترقی کے لیے خصوصی توجہ دے رہی ہے ۔

بقیہ شال 32
افواج کی جانب سے سید علی گیلانی کا جسد خاکی چھین کر دفن کرنے اور غمزدہ خاندان پر مقدمات کا اندراج درحقیقت مودی سرکار کی فسطائیت اور آر ایس ایس سوچ کا مظہر ہے ۔اتوار کو اپنے ٹویٹ میں وزیر مملکت فرخ حبیب نے کہا کہ مودی سرکار انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور ظلم کی بدنما مثال ہے ۔

بقیہ شال 33
کہ پاکستان ٹیکسٹائل انڈسٹری کو تباہ کرنے والے معیشت پر بھاشن دے رہے ہیں ، ڈبلیو ایچ او سمیت انٹرنیشنل اداروں نے دنیا کو پاکستان سے سیکھنے کا مشورہ دیا۔ اتوار کو احسن اقبال کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ کی ترقی اور بُج ترین کی شکل میں قوم بھگت رہی ہے جبکہ نقصان اور قرضے کی اقساط حکومت ادا کر رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جنہوں نے ساری زندگی کرپشن کی انہیں رفاہی کاموں کے لئے چندہ مانگنا طعنہ لگتا ہے ، پاکستان کی کورونا مینجمنٹ دنیا میں تسلیم کی گئی ۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ ڈبلیو ایچ او سمیت انٹرنیشنل اداروں نے دنیا کو پاکستان سے سیکھنے کا مشورہ دیا ۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے بھائی 100 روپے والا پورا 3 لاکھ میں سپلائی کیا کرتے تھے ، نااہلوں کی معیشت عمران خان نے تباہ کردی ۔ معاون خصوصی نے کہا کہ امپورٹ بیسڈ گروتھ کو ہم نے ایکسپورٹ بیسڈ گروتھ کی راہ پر ڈالا ، پاکستان ٹیکسٹائل انڈسٹری کو تباہ کرنے والے معیشت پر بھاشن دے رہے ہیں ۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا کہ پانچ سال میں ایکسپورٹ کو 2013 کی سطح سے بھی نیچے پہنچانے والے معیشت پر بات کس منہ سے کرتے ہیں ، سیمنٹ ، ٹریکٹر ، موٹر سائیکل ، گاڑیاں ریکارڈ تعداد میں فروخت ہو رہی ہیں ۔

بقیہ شال 34
کے ساتھ کھڑی ہے ۔اپنے بیان میں مستونگ دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے اللہ تعالیٰ سے خودکش دھماکے کے شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ درجات ، ان کے لواحقین کو صبر عطا کرنے اور زخمی ہونے والے افراد کی صحت یابی کے لیے دعا بھی کی ہے ۔

بقیہ شال 35
بلوچستان کے عوام آئے روز دہشت گردی ، اندوہناک اور دہشتناک واقعات میں اپنے پیاروں کی جنازوں سے تھک کر ہار چکے دشمن قوتیں سازش کے تحت بدامنی اور دہشت گردی کی آگ سے صوبے کی امن تباہ کرنے کی درپے ہیں دشمن کیان بزدلانہ کاروائیوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں ہونگی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کے بے حسی سے دہشت گردی ، قتل وغارت اس صوبے کا پہچان بن چکا ہے آئے روز بدامنی کے واقعات حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں صوبائی حکومت بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی کیساتھ لینے کیلئے تیار نہیں ہے ۔ امن وامان کی صورتحال دن بہ دن خراب ہوتی جارہی ہے ۔

بقیہ شال 36
ملک وقوم کیلئے ہمارے فورسز کے قربانیاں ناقابل فراموش ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے صوبے میں قیام امن کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لارہے ہیں اور صوبے کے عوام کی جان ومال کی تحفظ کیلئے تمام تر اقدامات کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے اس ناسور کے خاتمے کیلئے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہے ۔

بقیہ شال 37
گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار اور زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لئے دعا کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کے فوری علاج معالجے کے لئے ہر ممکن کاوشیں بروئے کار لائی جائیں ۔

بقیہ شال 38
پر مجبور کیا 1965 ، کی جنگ نہ صرف ہماری بہادر افواج کے لئے ایک عظیم اور تاریخی جنگ ہے بلکہ اس جنگ کے دوران قوم کا حب الوطنی کا جذبہ دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے اس جنگ میں ساری قوم ایک سیسہ پلائی دیوار کی مانند بن گئی تھی جسے شکست دینا ناممکن تھا ، انہوں نے کہا کہ ہماری آرمی ، نیوی ، فضائیہ اور پوری قوم نے مل کر ہر محاذ پر بھارت کو منہ توڑ جواب دیا اور بزدل بھارتیوں کا غرور خاک میں ملاتے ہوئے اپنے وطن کی ایک انچ زمین بھی دشمن کو نہیں لینے دی جس کے لئے ساری قوم پاک افواج کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتی ہے ۔

بقیہ شال 39
ہیں جب اسکے معالج انہیں اجازت دیدیں گے وہ اپنے ملک ضرور واپس آجائیں گے انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف کو زبردستی کسی صورت نہیں لایا جاسکتا برطانیہ میں انہیں قانون کے مطابق رہنے کا پورا حق حاصل ہے وہ کسی صورت سیاسی پناہ کیلئے درخواست نہیں دیں گے وہ جس مقصد کیلئے وہاں گئے ہیں وہ اسکو پورا کرکے ہی وہ اپنی مرضی سے ملک خود واپس آئیں گے انہوں نے کہا کہ شریف برادران مریم نواز شریف پر آجتک کوئی ایک پائی کا کرپشن بھی نیب اور حکومتی تفتیشی اداروں نے ثابت نہیں کیا اور نا کوئی اور جرم کیا بلکہ انہوں نے ملک کو ترقی دیکر خوشحال بنایا موٹر ویز اور بُج ٹرین اور سی پیک اسکے شاہکار منصوبے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت عدلیہ سے ٹکراؤ کے چکر میں ہے جس سے ملک میں نظام انصاف کو شدید دھچکہ لگنے کا خدشہ ہے انہوں نے کہا کہ اداروں کے درمیان ٹکراؤ سے ملک کی بقا بھی متاثر ہوسکتی ہے ۔

بقیہ شال 40
بھی کڑا وقت آیا تو پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی ۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں بھی جب کوئی مشکل وقت آن پڑا تو پوری قوم 1965 کی جنگ کی طرح اپنی افواج کے شانہ بشانہ دشمن کا مقابلہ کرے گی۔

بقیہ شال 41
سلفا ، انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام تصوف، جہاد ، سیاست ، درس وتدریس ، فلاح وبہبود کے تمام شعبوں کی آمین جماعت ہے جو ملک کی اسلامی تشخص اور پہچان کے خلاف حکمرانوں کی غیر اسلامی غیر آئینی سرگرمیوں کو برداشت نہیں کرتی ، انہوں نے کہا کہ یہودیوں کے قوانین مسلط کرنے والوں سے حقیقی آزادی چاہتے ہیں ، اکابرین کی قربانیوں کا مقصد اسلامی پاکستان کا قیام تھا لیکن بدقسمتی سے انگریز سے آزادی کے بعد قوم پر ان کے غلام مسلط ہوئے جو آج گریٹر اسرائیل کے منصوبوں پر عمل کرکے وقف املاک ایکٹ گھریلو تشدد بل کے بعد اب خواتین کی آزادی ، تعلیمی اداروں میں قادیانیوں کے اساتذہ بھرتی کرنے والے بلز لانا چاہتے ہیں ، وقف املاک ایکٹ بل کے تحت وقف کی زمینوں پر قائم تمام مساجد ، مدارس حکومت قبضہ کرنا چاہتی ہے جو اپنی یونیورسٹیوں کو قرض پر چلا رہی ہے اور اساتذہ کو بروقت تنخواہیں نہیں دے سکتی ۔

بقیہ شال 42
پاکستان پر حملہ کردیا تھا تو افواج پاکستان اور قوم نے بھارت کو شکست فاش دے کر ایک نئی تاریخ رقم کی تھی انہوں نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کو کبھی دل سے تسلیم نہیں کیا اس لیے ہمیشہ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے لئے سازشوں میں مصروف رہتا ہے پاکستان عالم اسلام کا قلعہ ہے اور یہ ملک رمضان جیسے مقدس مہینے میں 27 ویں کو وجود میں آیا اور یہ دنیا کی نظریاتی ریاست ہے اس کے وجود کو مٹانے کی کوششیں کرنے والے خود مٹ جائیں گے ۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے بلوچستان سمیت پورے پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں قیام پاکستان کے بعد سے جاری رکھی ہیں ۔ بغل میں چھری اور منہ میں رام رام ان کی پالیسی رہی ہے ۔ بھارت کی پاکستان کے حوالے سے ہمیشہ منافقانہ پالیسی رہی ہے ۔

بقیہ شال 43
کی ٹیم نے کوئٹہ شہر کے ہزارہ ٹاؤن اور اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن کیلئے 11KV فیڈروں کی بائی فرکیشن کا کام مکمل کرلیا ہے جس کے بعد نئے فیڈرز کوٹمی مارکیٹ اور گدان کا نام دیا گیا ہے ۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر کی ٹیم نے نئے فیڈروں کی تنصیب کا کام مکمل کرکے دونوں فیڈروں کو باقاعدہ طور پر انرجائز بھی کردیا گیا ہے اور مذکورہ منصوبہ کیسکو نے اپنے ترقیاتی فنڈز سے مکمل کرلیا ہے ۔ نئے فیڈروں سے ہزارہ ٹاؤن اور سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقوں کے متعلقہ صارفین کو اب مستحکم وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے گا ۔

بقیہ شال 44
سکے ۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے گیارہ اضلاع کے سکولوں میں ٹیچرز ریسورس سینٹرز کا قیام یونیسیف کا قابل تحسین اقدام ہے اساتذہ اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں ۔ سیکرٹری سیکنڈری ایجوکیشن نے تربیت میں حصہ لینے والے اساتذہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے ۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پائٹ اعجاز عظیم بلوچ ، سی پی ڈی پروگرام منیجر مزمل کو آرڈینیٹر ای ایس پی پروگرام نقیب خلجی ، بھی موجود تھے ۔ دریں اثناء سیکریٹری سیکنڈری ایجوکیشن نے یونیسیف کے تعاون سے انٹر سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں کھیلے جانے والے فائنل مقابلہ بھی دیکھا انہوں نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ان میں ٹرافی اور انعامات تقسیم کئے ۔

بقیہ شال 45
بھاگ محمد یعقوب عباسی ASI شوکت علی ASI محبوب علی مستوئی نے HC نواب خان جتوئی اور کانسٹیبل شبیر احمد ابڑی کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی سے چوری شدہ کار ہونڈا سٹی برآمد کر کے ملزمان 1 عبدالرزاق ولد محمد حیات قوم عمرانی سکنہ تحصیل تمبو 2 امتیاز علی ولد احمد علی قوم ابڑو سکنہ نصیر آباد کو گرفتار کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ فرد نمبر 33/2021 بجرم 411 ت پ درج رجسٹر کر لیا جبکہ ملزم عبدالرزاق عمرانی پولیس تھانہ منجھوشوری کے مقدمہ فرد نمبر 50/2021 بجرم زیر دفعہ 149-148-147-186-353-324 ت پ میں نصیر آباد پولیس کو بھی مطلوب ہے ۔

بقیہ شال 46
بلوچستان کے مظلوم عوام کیلئے بھرپور آواز بلند کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے وڈھ سے واپسی کے موقع پر بھوتانی رابطہ آفس اوتھل میں مختصر قیام کے دوران صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچ قوم پرست رہنما سردار عطاءاللہ مینگل کی وفات سے بلوچستان ایک عظیم رہنما سے محروم ہوگیا ہے انکی وفات سے یہ خلا پر نہیں کیا جاسکتا بلوچستان کے محکوم اور مظلوم اقوام کا انہوں نے ہمیشہ ہر فورم پر بہترین انداز میں مقدمہ لڑا انکی وفات سے آج پورا بلوچستان سوگوار ہے اور پاکستان ایک زیرک اور کہنہ مشق سیاستدان سے محروم ہوگیا ہے ۔

بقیہ شال 47
بلوچستان میں امن قائم کرنے کے لئے بیش بہا قربانیاں دی ہیں اور پوری قوم خصوصی طور پر اہل بلوچستان ان قربانیوں کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ، میر احسان اللہ ریکی نے مزید کہا کہ بیرونی دشمن اندرونی آلہ کاروں کے ذریعے ہم پہ وار کرنے کی ناکام کوشش میں ہے کہیں کسی نام نہاد تحریک کے نام پر ہمارے اداروں پر غلط پروپیگنڈا کا سلسلہ شروع کیا جارہا ہے تو کہیں دہشتگردوں وارداتوں سے قوم کو زیر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے ۔

بقیہ شال 48
دیگر علاقوں کو جانیوالی پبلک ٹرانسپورٹ کا پہیہ جام رہا ، جبکہ کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ کو یارو کے مقام پر احتجاجاً بلاک کردیا گیا جس کے باعث بین الاقوامی شاہراہ کے دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور ہزاروں تعداد میں مسافر پھنس گئے ۔

بقیہ شال 49
قلات میں کیسکو صارفین کو بجلی فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے بجلی کی علانیہ چودہ گھنٹوں کے علاوہ بجلی کی ٹرپنگ اور بجلی کو ٹوفیس کرنے سے صارفین کے لاکھوں روپے کے مشنری جلے گئے ہیں جس سے صارفین کو لاکھوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے ۔

بقیہ شال 50
پر بھی سمجھوتہ نہیں کیا اپنے موقف پر آخری وقت تک ڈٹے رہے بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے سابقہ حکومتوں نے ان سے کئی مرتبہ تعاون طلب کیا تاہم ان کا ایک ہی جواب ہوتا تھا کہ پہلے حکمران بلوچستان کے عوام کو حقوق دینے کے لیے خلوص نیت سے کام لیں وہ ایک اصول پرست سیاست دان تھے سردار عطاء اللہ مینگل نے عوام کے حقوق کی جدوجہد کو بھی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کی سیاسی وسماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ شال 51
ہے ۔ صفائی ستھرائی امن وامان کا نظام درہم برہم ہو گیا ہے ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے عوام روز بروز اس ظلم سے تنگ آگئی ہے اگر امر جنسی کی بنیاد پر مسائل حل نہیں کیے گئے تو عوام سڑکوں پر نکلنے کا مکمل حق رکھتی ہے ۔

بقیہ شال 52
ندیم احمد تنگابی ، سینئر رہنما امانت حسرت حافظ محمد طارق ، جاوید کبدانی ، ہمراز ساسولی ، میر رحیم بخش عابد بھی ان کے ہمراہ تھے ۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار عطاء اللہ خان مینگل بلوچستان کی سیاست میں چیتاوری کی حیثیت رکھتے تھے اگی وفات سے بلوچستان کے عوام ایک اصول پرست اور راست گو سیاسی قیادت سے محروم ہوگئے ہیں انہوں نے کبھی بھی قومی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کی اور بلوچ نیشنلسٹ سیاست میں ہمیشہ ثابت قدم رہے ہیں ۔

بقیہ شال 53
کی ترجیح دی جس کے باعث آج صحت پور ترقی کی راہ پر گامزن ہے اگلے انتخابات میں کامیابی سمیٹ کر عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے انہوں نے کہا کہ سابق صوبائی وزیر میر اظہار حسین خان کھوسہ نے اپنے دور میں تعلیم کی بہتری اور غریب طلباء کی کوالٹی تعلیم کے لیے اسکالرشپ میں نوجوان طلباء کو پیسے دیئے تاکہ غریب طلباء تعلیم کو جاری رکھے اور مریضوں میں میڈیکل کے فنڈز دیکر عوام کو تنہا نہیں چھوڑا ۔

بقیہ شال 54
سے منسوب کیا گیا ہے ۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالحق ہاشمی نے فیتہ کاٹ کر لائبریری کا باقاعدہ افتتاح کردیا ۔ انہوں نے تحفے میں لائبریری کو کتابیں فراہم کیئے اور پچاس ہزار روپے نقد لائبریری کے لئے اعلان کیا ۔ افتتاحی تقریب میں پروفیسر کالم نگار امان اللہ شادیزئی خضدار پریس کلب کے سابق صد عبداللہ شاہوانی قبائلی شخصیت فدا احمد قلندرانی پروفیسر انعام اللہ مینگل جماعت اسلامی خضدار کے امیر مولانا محمد اسلم گزگی جماعت اسلامی مستونگ کے امیر مولانا خلیل احمد شاہوانی جمیت علمائے اسلام نظریاتی خضدار کے امیر مولانا عبدالغفور کرگی ٹرانسپورٹرز رہنما بشیر احمد حلیمی شاہین براہوئی عبدالرزاق شاہوانی مولانا امان اللہ مینگل مولانا عبدالباسط شاہد شاہوانی ودیگر شریک رہے ۔ تقریب سے جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالحق ہاشمی پروفیسر امان اللہ شادیزئی خضدار پریس کلب کے سابق صدر عبداللہ شاہوانی پروفیسر انعام اللہ مینگل نے خطاب کرتے ہوئے مدرسہ تفہیم القرآن خضدار میں نئے کتب لائبریری کے قیام پر بے حد خوشی کا اظہار کیا ۔ ان کا کہنا تھا کہ اچھی معیاری لائبریری کے قیام سے اسٹوڈنٹس مطالعے کے شوقین افراد کو بے حد فائدہ پہنچے گا ۔ آج سوشل میڈیا کی بے راہ روی کے دور میں کتاب کی سہولت دینا اور کتاب ہی کی طرف نوجوان نسل کو مائل کرنا ایک حوصلہ افزا عمل ہے کسی بھی معاشرہ اور قوم کی تربیت اور تعمیر و ترقی صرف کتاب ہی کے ذریعے ممکن ہے ۔

بقیہ شال 55
ہر آنے والے دن میں کسی بھی حملے سے بطریق احسن نمٹا جا سکے ۔ 6 ستمبر 1965 کا دن عسکری اعتبار سے تاریخ عالم میں کبھی نہ بھولنے والا قابل فخر دن ہے جب کئی گنا بڑے ملک نے افرادی تعداد میں کئی گنا زیادہ لشکر اور دفاعی وسائل کے ساتھ اپنے چھوٹے سے پڑوسی ملک پر کسی اعلان کے بغیر رات کے اندھیرے میں فوجی حملہ کردیا ۔ اس چھوٹے مگر غیور اور متحد ملک نے اپنے دشمن کے جنگی حملہ کا اس پامردی اور جانثاری سے مقابلہ کیا کہ دشمن کے سارے عزائم خاک میں مل گئے ۔

بقیہ شال 56
کے موضوع پر ایک کانفرنس منعقد ہوئی ۔ چیئرمین راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی طارق محمود مرتضیٰ اس موقع پر مہمان خصوصی تھے ۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے طارق محمود مرتضیٰ نے راولپنڈی ریجن میں بہتر انفراسٹرکچر کی ترقی کے لیے راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے مختلف اقدامات پر روشنی ڈالی ۔ انہوں نے ہاؤسنگ سوسائٹیوں کو بہتر ریگولیٹ کرنے کے حوالے سے آر ڈی اے کے اقدامات سے شرکاء کو آگاہ کیا ۔ انہوں نے مزید کہا کہ آر ڈی اے راولپنڈی رنگ روڈ کو ری ڈیزائن کر کے اپنے وسائل سے تعمیر کرے گی تا کہ جڑواں شہروں کے ٹریفک مسائل کو حل کیا جائے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ آر ڈی اے تعمیراتی شعبے کے کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے کے لیے بہت سے اقدامات کر رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ آر ڈی اے نے این او سی جاری کرنے اور بلڈنگ پلانز کی منظوری کے لیے ایک ٹائم فریم مقرر کیا ہوا ہے ، جس کا مقصد تعمیراتی سرگرمیوں کو آسان بنانا اور بلڈرز و ڈویلپرز کو سہولت فراہم کرنا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ آر ڈی اے کے کاروباری دوستانہ اقدامات کی وجہ سے تعمیراتی سرگرمیاں تیز ہو رہی ہیں اور ادارے کی آمدنی میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے ۔ انہوں نے راولپنڈی ریجن میں مختلف ترقیاتی منصوبوں میں سرمایہ کاری کے مواقعوں پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ سرمایہ کار ان سے بھرپور فائدہ اٹھائیں ۔ انہوں نے یقین دلایا کہ آر ڈی اے آئی سی سی آئی کو اپنے نئے انڈسٹریل اسٹیٹ پروجیکٹ کی تکمیل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی ۔

بقیہ شال 57
پاکستان کے جانباز جان کے نذرانے پیش کر رہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن وطن عزیز کے دفاع کیلئے عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے ۔ قوموں کی زندگی میں کچھ دن انتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں جن کے باعث ان کا تشخص ایک غیور اور جرات مند قوم کا ہوتا ہے ۔ آج کے دن وطن عزیز کے ہر فرد کو عہد کرنا ہے کہ وہ وطن عزیز کی نظریاتی وجغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کو زندگی کی سب سے پہلی اور بڑی ترجیح بنا کر اس شعور کو اگلی نسلوں تک پہنچائیں گے ۔ یوم دفاع کے دن ہمیں اپنی افواج کے ان بہادر جوانوں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اس وطن پر آنچ نہیں آنے دی جب بھی پاکستانی قوم کسی بھی مشکل گھڑی یا قدرتی آفات میں گھیری ہوئی ہوتی ہیں تو افواج پاکستان کے جوان اپنی قوم کے بیٹوں ، قوم کی ماؤں ، بزرگ اور بچوں کی اس مشکل گھڑی سے نکالنے میں اپنی جانوں کی پروا کئے بغیر میدان میں مصروف عمل میں نظر آتی ہیں ۔ اس دن کی تجدید کرتے ہوئے یہ مصمم ارادہ کرنا چاہئے کہ بحیثیت پاکستانی ہمیں اپنے تمام تعصبات کو آخری حد تک ختم کرنے کی کوشش کرنی ہوگی ۔ اس ملک کی بقا میں ہماری بقاء ہے ۔

بقیہ شال 58
میں دونوں جانب سے پچاس لاکھ روپے بطور ضمانت مختص ہوئے ۔ یعنی کہ فیصلہ نہ ماننے کی صورت میں انکاری فریق یہ رقم اقبالی فریق کو ادا کرنے کے بعد دوبارہ دعویٰ کرسکتا ہے ۔ بعد میں انہوں نے فیصلے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے متعین شدہ حدود میں دخل اندازی شروع کی ۔ اسکے بعد چند قبائلی عمائدین کی مداخلت پر پر دوبارہ دونوں فریقین شریعت کے مطابق فیصلہ کرنے پر متفق ہوگئے ۔

بقیہ شال 59
ر میں ڈال کر خانہ پری کی جارہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں موجود کالعدم جماعتیں دشمن کے سہولت کار ہیں ، فورسز کی قربانیاں قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں ، زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولتیں مہیا کی جائیں ۔

بقیہ شال 60
کو اپنی اصلی شکل اور اپنی تشکیل پلیٹ فارم پر لانا چاہیے ۔

بقیہ شال 61
ڈویژن کے سیاسی وقبائلی رہنما سابق چیئرمین میر علی جان توتیزئی حاجی عبدالصمد سنجرانی ۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی آفس سیکرٹری پیر محمد سنجرانی محبوب علی سنجرانی میر عبدالخالق سنجرانی دین محمد سنجرانی ، میر شہزاد توتیزئی ودیگر نے کامیاب کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے تقریب کے مہمان خاص میر علی جان توتیزئی ودیگر نے رخشان ڈویژن بلوچستان عوامی پارٹی کے آرگنائزر میر اعجاز خان سنجرانی کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر فٹبال کھلاڑیوں کے لئے ایک ایونٹ منعقد کرائی ۔

بقیہ شال 62
نے اپنے جاری کردہ بیان میں مولانا رمضان مینگل نے کہا کہ دفاع وطن کے لیے جانیں دینے والے جوان قوم کا فخر ہیں بلوچستان میں دہشتگردی میں امریکہ انڈیا براہ راست ملوث ہے دہشت گردی کی بزدلانہ کاروائیوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوسکتے ہیں صوبے کے عوام اپنے سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے مستونگ روڈ پر ایف سی چوکی پر خودکش دھماکہ کی بھرپور مذمت کرتے ہیں شہداء کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتا ہوں ۔

بقیہ شال 63
شاہراہ سنگر کردہ کیا جسکی وجہ سے شہر میں ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے ٹریفک پولیس شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں ناکام نظر آرہی ہے دوسری جانب حب شہر میں تجاوزات کے خاتمے کیلئے مقامی انتظامیہ کی جانب سے بھی کوئی اقدام نہیں اٹھایا جارہا ہے حب کے شہریوں کو ٹریفک جام کے عذاب سے چھٹکارہ دلانے کے لیے حلقہ ایم پی اے سردار محمد صالح بھوتانی کی تجویز پر 64 کروڑ روپے کی لاگت سے حب مغربی بائی تعمیر کی گئی لیکن اسکے باوجود شہر میں ہیوی ٹریفک کی آمد کا سلسلہ بند نہ کیا جاسکا ۔

بقیہ شال 64
کہا کہ آئندہ بھی اگر کسی نے جرات کی تو اسے منہ توڑ جواب دیں گے اور وطن کے دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریںگے ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ایک بہادر قوم ہے اور ان کی بہادری کی مثال مسلح افواج سے دی جاسکتی ہے پاک مسلح افواج نے جو قربانیاں اور شہادتیں دی ہیں وہ دنیا کی تاریخ میں اپنی مثال آپ ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کیلئے پاک فوج کی قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی مضبوط دفاع ہی ملک کی نظریاتی اور سرحدی حدود کی حفاظت کرتا ہے ۔

بقیہ شال 65
معروف معالج ڈاکٹر محبوب بلوچ کے انتقال پر لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں ۔

CANCELLATION NOTICE

Kindly refer to the subject captioned above. It is stated that, this Department had uploaded above mentioned tender on BPPRA website bearing TS NO. TS186561E and published in leading newspapers "bearing PRQ.NO393/17-08-2021. The Purchase Committee raised few observations in the technical specifications mentioned in the above said tender. It is further stated that the above mentioned tender will be re-tendered with modifications.It is, therefore, requested to publish a Cancellation Notice of the above mentioned tender in the leading newspapers at the earliest please.

PRQ NO.586/01.09.2021

DIRECTOR ARCHIVES

Balochistan Board of intermediate and secondary education quetta.
POSITION HOLDERS

Roll No	Name	Marks obtained	%age	Position	Institute
5384	Khalid Ali	2974/3350	88.78	1ST	Gawadar institute of Technology
5398	Shakir Ali	2955/3350	88.21	2ND	Gawadar institute of Technology
5387	Muhammad Adam	2927/3350	87.37	3RD	Gawadar institute of Technology

PRQ NO.605/02.09.2021

Additional controller Technical BISE,quetta

NOTICE INVITING TENDER

Sealed tender form B-1 and B-II invited sealed Percentage tender based on Composite Schedule of rates 2018 Government of Balochistan (G.O.B) amended up-to-date from interested Government Contractors/Firms who have deposited their enlistment/Renewal Fee in the Pakistan Engineering Council for the Year, 2021-2022 for the following works listed below.Tender Form Fee. Rs. 3000/- in shape of Challan form deposited in head of Account C- 03434 Irrigation Receipt. Earnest Money 2% of E/Cost.,Time Limit 30-06-2022 for the work.

S.No.	Name of work	E/Cost
1	Construction of Flood Protection Bund Miliandad Jamali Lohi Dureji District Lasbea.PSDP 1850.TSE 187151 E	22.50 M.

CONDITION. The Procurement shall be carried in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory /authority Rules 2014.**ELIGIBILTY.** Relevant Experience three years.Turn-over of at least last three years,The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant Category (CE-04) and discipline and Registration with Tax authority i.e. (NTN and Sales Tax and BRA Department) where applicable.**METHOD OF PROCUREMENT.** Single stage one envelope procedure **BIDDING/TENDER DOCUMENTS:ISSUANCE:-** Documents will be issued from the date of Publication till submission date and time on production of challan amounting to Rs,3000/- of each Tender Form) as bidding Tender Form Fee charges) deposited in the head of account (C-03434 Irrigation) Through Government Treasury Hub/National Bank of Pakistan Hub Branch.**SUBMISSION.** Last date of submission will be **20-09-2021** at 11.00 AM.**OPENING.** The Tender will be Opened on **20-09-2021** at 12.00 PM (bids shall be opened within one hour of the deadline for submission of bids) before Procurement Committee in the presence of Contractors or their Authorized representative /agents.**PLACE. Of Issuance submission Inquiries and opening will be:-** Address: - Executive Engineer Canal Irrigation Division Hub Phone No. 0853-310167 and Fax No. 0853-310167.**Note:-** The Tender search at BPPRA web site. Due to holiday or strike the tender will be issued/ opening on next office working day.

PRQ NO.617/03.09.2021

Executive Engineer
Canal Irrigation Division Hub

کوئٹہ کو خون میں نہلانے کی کوشش کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں، بلوچستان پی پی

نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے ملک میں تشدد، بدامنی، لاقانونیت، انتہا پسندی اور دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے

دھماکے میں شہید ہونے والے سکیورٹی اہلکاروں کے لواحقین سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار اور زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لئے دعا کی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی، جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے کوئٹہ میں مستونگ روڈ میں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ دھماکے میں ملوث افراد کو گرفتار کرکے ان کو قرار واقعی سزا دی جائے۔ یہاں جاری کردہ ایک بیان میں پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کوئٹہ کو خون میں نہلانے کی کوشش کرنے والے انسانیت اور امن کے دشمن ہیں، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے ملک میں تشدد، بدامنی، لاقانونیت، انتہا پسندی اور دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے، انہوں نے دھماکے میں شہید ہونے والے سکیورٹی اہلکاروں کے لواحقین سے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور ملاقات کر رہے ہیں اس موقع پر قاسم خان سوری بھی موجود ہیں

تعلیم کے شعبہ کی بہتری کا دارومدار اساتذہ کی کارکردگی پر ہے، حیات کاکڑ

اساتذہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں تاکہ صوبے میں تعلیم کا معیار بلند ہو سکے

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری سیکنڈری ایجوکیشن حیات کاکڑ نے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ پشین کا دورہ کیا اور مختلف سینٹرز میں جاری پائٹ اور سی پی ڈی پروگرام یونیسیف کے زیر اہتمام ٹیچرز ریفریشر ٹریننگ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ٹریننگ میں حصہ لینے والے اساتذہ سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تعلیم کے شعبہ کی بہتری کا دارومدار اساتذہ کی کارکردگی پر ہے اساتذہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں تاکہ صوبے میں تعلیم کا معیار بلند ہو بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بھاگ پولیس کی کامیاب کارروائی چوری شدہ گاڑی برآمد ملزمان کو گرفتار

بولان (نامہ نگار) بھاگ پولیس کی کامیاب کارروائی چوری شدہ گاڑی اور ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق زیر نگرانی ڈی ایس پی بھاگ سرکل عنایت علی مگسی صاحب CIA انچارج بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

سردار عطاء اللہ خان مینگل بلوچستان کی سیاست میں مینارنور کی حیثیت رکھتے تھے، طاہر حسنی

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران سے بی این پی کے ضلعی عہدیداران حاجی سمیع اللہ بلوچ کی قیادت میں وڈھ میں بزرگ سیاستدان اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ خان مینگل کی وفات پر سردار اختر جان مینگل اور سردار اسد جان مینگل سے تعزیت کی اس موقع پر ضلعی ڈپٹی سیکرٹری طاہر حسنی، تحصیلی جنرل سیکرٹری میر غلام دستگیر مینگل، میر نجیب حسن آبادی بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

آنے والے انتخابات میں میدان خالی نہیں چھوڑیں گے' آصف رضا کھوسہ

میر اظہار کھوسہ نے اپنے سابقہ دور اقتدار میں اسمبلی میں عوام کی فلاح وبہبود کیلئے آواز بلند کیا

ماتھی پور (نامہ نگار) ضلع صحبت پور کے سیاسی وسماجی رہنما آصف رضا کھوسہ نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ آنے والے انتخابات میں میدان خالی نہیں چھوڑیں گے عام انتخابات میں میر اظہار کھوسہ کو بلوچستان اسمبلی کا دولہا بنائیں گے میر اظہار کھوسہ نے اپنے سابقہ دور اقتدار میں اسمبلی میں عوام کی فلاح وبہبود کیلئے آواز بلند کیا اور ضلع صحبت پور کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی میر اظہار کھوسہ نے اپنے دور میں اجتماعی نوعیت کا کاموں بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

بی اے پی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

دعا ءفاؤنڈیشن خضدار کے انفارمیشن سیکرٹری عائشہ فاطمہ نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا

خضدار (این این آئی) دعا ءفاؤنڈیشن خضدار کے انفارمیشن سیکریٹری عائشہ فاطمہ نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ انہوں نے استعفیٰ دعا ءفاؤنڈیشن کے صدر کو ارسال کرتے ہوئے اس میں موقف اختیار کی ہے کہ وہ اپنی ذاتی مصروفیات کی بناء پر اپنے عہدے سے استعفیٰ دے رہی ہے اور مذید اس عہدے پر وہ کام نہیں کر سکتی ہے۔

یوم دفاع پاکستان لازوال عزم اور بہادری کی اعلیٰ مثال ہے، ثمینہ زہری

1965ء کی جنگ نہ صرف ہماری بہادر افواج کے لئے ایک عظیم اور تاریخی جنگ ہے

پاکستان کی تاریخ میں 6 ستمبر کا دن انتہائی اہمیت رکھتا ہے' یوم دفاع پاکستان کے موقع پر پیغام

کوئٹہ (این این آئی) کنوینئر قائمہ کمیٹی برائے قائمہ کمیٹی سینٹ وزارت داخلہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ قربانیوں سے رقم ہے قیام پاکستان سے آج تک ہماری جری اور بہادر افواج نے ملک و قوم کے تحفظ کے لئے لازوال قربانیاں دی ہیں یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں 6 ستمبر کا دن انتہائی اہمیت رکھتا ہے یہ وہ دن ہے جس دن ہماری جری اور بہادر افواج نے اپنے سے کئی گنا طاقتور دشمن کا منہ توڑ جواب دے کر بھارتی افواج کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا اور بھارتی پیش قدمی کا بھرپور جواب دیتے ہوئے پاکستانی سرحدوں کی بخوبی حفاظت کی اور بزدل بھارتی دراندازوں کو اسلحہ وساز و سامان چھوڑ کر بھاگنے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

آئی سی سی آئی پراپرٹی ایکسپو کے موقع پر کانفرنسز کا انعقاد

تعمیراتی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں آر ڈی اے ہر ممکن تعاون کرے گی، طارق محمود مرتضیٰ

حکومت پالیسی سازی کے ذریعے ہائی رائز بلڈنگز کی حوصلہ افزائی کرے، سردار یاسر الیاس خان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام پاک چائنا فرینڈ شپ سنٹر میں منعقدہ پاکستان کی سب سے بڑی پراپرٹی، ہاؤسنگ اینڈ کنسٹرکشن ایکسپو 2021 کے موقع پر مختلف موضوعات پر کانفرنسیں بھی منعقد کی گئی تاکہ تعمیراتی شعبے کی مزید بہتری کیلئے حکومت کو تجاویز و سفارشات تیار کرکے پیش کی جائیں۔ اس سلسلے میں ہاؤسنگ سوسائٹیز کی پالیسیوں، قواعد وضوابط اور اسلام آباد انڈسٹریل اسٹیٹ کی ترقی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

دنیا نیوز کوئٹہ کے کیمرہ مین صابر علی ابڑو کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی نے دنیا نیوز کوئٹہ کے کیمرہ مین صابر علی ابڑو کے انتقال پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کے غم میں برابر کا شریک ہوں انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر میر اعجاز خان سنجرانی تیکوانڈو چیمپئن شپ اختتام پذیر

دالبندین (این این آئی) یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر میر اعجاز خان سنجرانی تیکوانڈو چیمپئن شپ اختتام پذیر ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق شہید عبید محمد نوتیزئی تیکوانڈو اکیڈمی سول کلب دالبندین میں یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر میر اعجاز خان سنجرانی تیکوانڈو چیمپئن شپ اختتام پذیر ہوئی مقابلوں میں شہید عبید محمد نوتیزئی تیکوانڈو کلب نے پہلی پوزیشن شہید عطاء اللہ نوتیزئی تیکوانڈو کلب نے دوسری پوزیشن اور شہید عامر جان تیکوانڈو کلب نے تیسری پوزیشن حاصل کی کھلاڑیوں نے مختلف کرتب دکھائے شائقین اور کھلاڑی لطف اندوز ہوئے مہمان خاص خان چنگیز رخشانی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

بولان بھاگ پولیس کی کارروائی چوری شدہ گاڑی اور گرفتار ملزمان کو میڈیا میں پیش کیا جارہا ہے

بلوچستان میں دہشتگردی میں امریکہ بھارت براہ راست ملوث ہے، مولانا رمضان مینگل

صوبے کے عوام اپنے سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کوئٹہ (آن لائن) اہل سنت والجماعت اور سنی علماء کونسل بلوچستان کے صدر مولانا رمضان مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردی میں امریکہ بھارت براہ راست ملوث ہے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی مستونگ روڈ پر ایف سی پر خودکش دھماکہ کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور زخمی جوانوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہے ان خیالات کا اظہار انہوں بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

دکی کے سیاسی نمائندے آل پارٹیز کا عوام کیساتھ رویہ درست نہیں ہیں، تیمور خان ناصر

دکی (آن لائن) سابق پیپلز یوتھ آرگنائزیشن ژوب ڈویژن رابطہ سیکرٹری تیمور خان ناصر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ دکی کے سیاسی نمائندے آل پارٹیز کا عوام کیساتھ رویہ درست نہیں ہیں۔ خود سرداروں کی غلامی میں ساری زندگی گزار دی لیکن کل ہونے والے ماڑی ڈیم حادثے کے حوالے سے احتجاجی مظاہرے سے سیاسی نمائندوں نے عوام کو غلام کہا جس کی میں مذمت کرتا ہوں کیونکہ غلامی جب سیاسی پارٹیز کے صدر اور خود سرداروں کی کریں تو عوام سے کیوں شکوہ کرتے ہیں۔

حب شہر میں پارکنگ اور تجاوزات کی بھرپور قومی شاہراہ سکڑ کر رہ گیا ہے

ٹریفک جام معمول بن چکا شہری شدید اذیت میں مبتلا انتظامیہ خاموش

لسبیلہ (این این آئی) حب شہر میں پارکنگ اور تجاوزات کی بھرپور قومی شاہراہ سکڑ کر رہ گیا ہے ٹریفک جام معمول بن چکا شہری شدید اذیت میں مبتلا انتظامیہ خاموش بلوچستان کے سب سے بڑے صنعتی شہر حب میں بے جا پارکنگ اور تجاوزات کی بھرمار ہے جگہ جگہ دکانوں کے سامنے ٹھیلے لگے ہوئے ہیں وہی گاڑیوں کی بے پارکنگ سے شہر کے وسط میں قومی بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ دارالفلاح اسلامیہ علمدار روڈ میں بزم ادب اور سپورٹس ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت ہی ملک کی نظریاتی اپوزیشن جماعت ہے،، مولانا عبدالرحمن رفیق

یہودیوں کے قوانین مسلط کرنے والوں سے حقیقی آزادی چاہتے ہیں

تمام تر سازشوں، میڈیا ٹرائل، مقابلے میں کاغذی جماعتوں کو سپورٹ کرنے کے باوجود کمزور نہ کرسکے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق ودیگر نے جمعیت علماء اسلام ابوبکر صدیق یونٹ ہزار گنجی کے زیر اہتمام علماء کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت ہی ملک کی نظریاتی اپوزیشن جماعت ہے، کسی گی لپٹی کے بغیر کھ پتلیوں کو ٹف ٹائم دیا ہے، تمام تر سازشوں، میڈیا ٹرائل، مقابلے میں کاغذی جماعتوں کو سپورٹ کرنے کے باوجود کمزور نہ کرسکے کارکنوں کا جماعت اور قیادت پر غیر متزلزل اعتماد کو کوئی ٹھیس نہیں پہنچا بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

1965 کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، مولانا محمد شفیق دولت زئی

پاکستان عالم اسلام کا قلعہ ہے اور یہ ملک رمضان جیسے مقدس مہینے میں 27 ویں کو وجود میں آیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی رہنماء و صوبائی ترجمان مولانا محمد شفیق دولت زئی نے کہا ہے کہ ہم 1965 کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ جب بھی وطن عزیز پر مشکل وقت آیا تو افواج پاکستان کے شانہ بشانہ دشمن کا مقابلہ کریں گے۔ یہ بات انہوں نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر جاری کردہ پیغام میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر یوم تجدید عہد ہے جب بھارت نے رات کی تاریکی میں وطن عزیز بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

سیٹلائٹ ٹاؤن اولڈ اور ہزارہ ٹاؤن فیڈروں کی بائی فرکیشن کا کام مکمل

سیٹلائٹ ٹاؤن کیلئے نئے فیڈر منی مارکیٹ جبکہ ہزارہ ٹاؤن کیلئے نئے فیڈر کو گلدان کا نام دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور مستحکم وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہم کرنے کیلئے کئی منصوبوں پر کام کر رہی ہے جن میں سے بیشتر منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچ چکے ہیں۔ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر محمد عارف کی خصوصی ہدایات پر پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن کلیم اللہ جوگیزئی، ایکسین کنسٹرکشن (آر ای ڈی 1) کرم بخش بادینی اور سب ڈویژنل آفیسر (آر ای ڈی) عبدالواسع بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ملک میں بیروزگاری عروج پر پہنچ چکی ہے، ملک سردار اسد سکندر

بلوچ قوم پرست رہنما سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات کسی سانحہ سے کم نہیں

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے رہنما ورکن قومی اسمبلی ملک سردار اسد سکندر نے کہا ہے کہ بلوچ قوم پرست رہنما سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار عطاء اللہ مینگل کی وفات کسی سانحہ سے کم نہیں بلوچستان کی محکوم اور مظلوم اقوام کیلئے انگی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا انہوں نے بلوچستان کے مسائل پر ہمیشہ کھل کر اظہار کیا، امید ہے سردار اختر جان مینگل اپنے اپنے والد کے نقش قدم پر چل کر بلوچستان کے عوام کی خدمت کریں گے اور بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ جھل مگسی کا ہیڈ کوارٹر گنداواہ مسائل کا گڑھ بن چکا ہے' سماجی تنظیم

گنداواہ ڈسٹرکٹ کا ہیڈ کوارٹر ہونے کے باوجود مختلف مسائل سے دوچار ہو گیا ہے

گنداواہ (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ جھل مگسی کا ہیڈ کوارٹر گنداواہ مسائل کا گڑھ بن چکا ہے۔ سماجی تنظیم ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن گنداواہ تفصیلات کے مطابق:۔ سماجی تنظیم ینگ ویلفیئر آرگنائزیشن کے عہدیداران نے میڈیا کے نمائندگان کو اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ گنداواہ ڈسٹرکٹ کا ہیڈ کوارٹر ہونے کے باوجود مختلف مسائل سے دوچار ہو گیا ہے لائٹ کی بار بار ٹرپنگ لوڈ شیڈنگ نے عوام کو ذہنی مریض بنا دیا ہے ہفتوں بعد موصلوں کو پانی فراہم کیا جاتا بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

اچھی معیاری لائبریری کے قیام سے اسٹوڈنٹس مطالعے کے شوقین افراد کو بے حد فائدہ پہنچے گا، مولانا عبدالحق ہاشمی

آج سوشل میڈیا کی بے راہ روی کے دور میں کتاب کی طرف نوجوان نسل کو مائل کرنا ایک حوصلہ افزا اقدام ہے

خضدار (این این آئی) خضدار سید مسجد میں منور حسن لائبریری کا افتتاح کر دیا گیا۔ خضدار کے سیاسی و سماجی شخصیات، علمائے کرام، پروفیسرز، اور مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ مدرسہ جامعہ تفہیم القرآن قادر آباد خضدار میں لائبریری کا قیام جماعت اسلامی خضدار کے امیر مولانا محمد اسلم گزگی کی کوششوں سے عمل میں آیا ہے۔ وسیع وعریض ہال میں بنی اس خوبصورت لائبریری کو جماعت اسلامی کے سابق آں جہانی امیر سید منور حسن کے نام بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ہر پاکستانی اپنی فوج کے دفاعی صلاحیتوں پر فخر کرتا ہے' حاجی ولی نورزئی

یوم دفاع پاکستان ہماری مسلح افواج اور غیور عوام کی جیت کا دن ہے

6 ستمبر 1965 کا دن عسکری اعتبار سے تاریخ عالم میں کبھی نہ بھولنے والا ان مٹ تحریر ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر حاجی ولی نورزئی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان کا دن قومی شہداء سے اظہار یکجہتی کا دن ہے اور یہ ہماری مسلح افواج اور غیور عوام کی جیت کا دن ہے جس میں پڑوسی ملک بھارت کو عوامی طاقت سے دشمن چھانے پر مجبور کر دیا گیا تھا، انہوں نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ چھ ستمبر 1965 کو مکار دشمن کے 110 طیارے تباہ ہوئے اس کے علاوہ شاہینوں نے 150 ٹینکس، 600 فوجی گاڑیاں گولا بارود سے بھری چار ٹرینز اور 100 کے قریب توپیں بھی تباہ کی۔ انہوں نے کہا کہ ہر پاکستانی اپنی فوج کے دفاعی صلاحیتوں پر فخر کرتا ہے اور یقین رکھتا ہے کہ پاک فوج ہر محاذ پر سرخرو ہوگی اس قومی دن کو منانے کا مقصد پاکستان کے دفاع اور عسکری طاقت کو مضبوط کرنے کی یاد دہانی ہے تاکہ بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

اوتھل' پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے رہنماء ورکن قومی اسمبلی ملک سردار اسد سکندر سے بھوتانی گروپ کے رہنماء پیر مجید شاہ جیلانی ودیگر بھوتانی رابطہ آفس اوتھل میں ملاقات کر رہے ہیں

6 ستمبر کا دن وطن عزیز کے دفاع کیلئے عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، میر عرض محمد بڑیچ

6 ستمبر 1965 کی جنگ پاکستانی قوم کیلئے ایک وقار اور لازوال استقلال کا استعارہ ہے

توکنڈی (پ ر) معروف سیاسی سماجی قبائلی شخصیت اور پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ 6 ستمبر 1965 کی جنگ پاکستانی قوم کیلئے ایک وقار اور لازوال استقلال کا استعارہ ہے۔ 1965 کی جنگ میں پاک فوج نے ملک کی سرحدوں کا دفاع باوقار انداز میں موثر بناتے ہوئے دنیا کو یہ باور کرا دیا کہ ہم ایک زندہ قوم ہیں۔ جنگ ستمبر میں بھی قوم کے بہادر سپوتوں نے جان کے نذرانے پیش کئے اور آج جب قوم کو دہشت گردوں کے خلاف جنگ کا سامنا ہے تو بھی افواج بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

کلی اپوزئی کے ایک خاندان دولت زئی کے ساتھ ہمارا زمینی تنازعہ چلا آرہا ہے، گل محمد عرف لالو شہابزئی

ژوب (نامہ نگار) سردار حاجی گل محمد عرف لالو شہابزئی، سفر خان، ولی خان، یوسف اور شربت خان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ کلی اپوزئی کے ایک خاندان دولت زئی کے ساتھ ہمارا زمینی تنازعہ چلا آرہا ہے۔ اس بابت ایک فیصلہ ہوا ہے جس میں کلی اپوزئی کمیٹی کے مختلف ممبران بشمول علماء بھی موجود تھے۔ اس بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

دہشتگرد عناصر کسی بھی صورت اپنے عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، سید حسین ہاشمی

آج کے دن ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم مادر وطن پر کوئی آنچ نہیں آنے دینگے

ملک کے دفاع اور دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاک افواج نے جو قربانیاں پیش کیں، بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسین ہاشمی نے یوم دفاع کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ 1965 کی پاک بھارت جنگ میں پاک افواج نے جس جرات اور شجاعت کا مظاہرہ کیا تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی آج کے دن ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم مادر وطن پر کوئی آنچ نہیں آنے دینگے اور اس کی خاطر اپنی جان تک قربان کر دینگے۔ یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دفاع اور دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاک افواج نے جو قربانیاں پیش کیں ان کی مثال نہیں ملتی آج کا دن ہمیں 1965 کے ان عظیم شہدا کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے بھارت کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا ملک پر جب بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر محبوب بلوچ کے انتقال پر حبیب الرحمان لہڑی سمیت دیگر کا اظہار تعزیت

قلات (این این آئی) ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر فرید رند فاریسٹر حبیب الرحمان لہڑی شیر محمد مینگل بابو محمد یوسف محمد حمزہ خالد محمود حاجی محمد یعقوب اور دیگر نے بلوچستان کے بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

ملک وقوم کیلئے پاک فوج کی قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی' پیرزادہ محمد احسن القادری

پاکستانی ایک بہادری قوم ہے اور ان کی بہادری کی مثال مسلح افواج سے لی جاسکتی ہے

کاموکے (این این آئی) 6 ستمبر 1965ء کو پوری قوم نے یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کی بہادر مسلح افواج کے شانہ بشانہ وطن کے دفاع کیلئے جو قربانیاں دیں ان کو کبھی نہیں بھول سکتے۔ ان خیالات کا اظہار پیرزادہ محمد احسن القادری الصفدر اوی، سابق چیئرمین یونین کونسل چوہدری عرفان یونس ورک، چیئرمین کاموکے ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سکولز چوہدری ارشد مسعود ورک، سابق ناظم چوہدری محمد نعیم بلا، سماجی سیاسی رہنما چوہدری آصف شفیق آرائیں اور صدر سٹی پریس کلب کاموکے رانا محمد ناصر نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

امن وامان کی صورتحال دن بہ دن خراب ہوتی جارہی ہے، مولانا عبدالقادر لونی

صوبائی حکومت کے بے حسی سے دہشت گردی قتل وغارت اس صوبے کا پہچان بن چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی نائب امیر مولانا محمد حیات صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی صوبائی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی صوبائی نائب امیر مولانا غذائے نظر صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی ودیگر نے سوناخان ایف سی چیک پوسٹ پر بم دھماکے کی شدید الفاظ اور شہدا کے لواحقین کے ساتھ مکمل اظہار ہمدردی و یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

دہشتگردی کیخلاف جنگ امن کے مکمل حصول تک جاری رہے گی، نور محمد دمڑ

پوری قوم شہداء کے خون کی قرض دار ہے، شہداء کی عظیم قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی

کوئٹہ مستونگ روڈ پر سوہنا خان کے پر فورسز کی چیک پوسٹ پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای وریونیو حاجی نور محمد دمڑ نے کوئٹہ مستونگ روڈ پر سوہنا خان کے پر فورسز کی چیک پوسٹ پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ امن کے مکمل حصول تک جاری رہے گی، پوری قوم شہداء کے خون کی قرض دار ہے، شہداء کی عظیم قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی، حکومت، فورسز، اور عوام ملکر دہشت گردوں کا پوری قوت سے مقابلہ کررہے ہیں اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کرتے رہیں گے، شرپسندی کے ایسے واقعات سے فورسز کا مورال پست نہیں ہوگا، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

وڈھ' قبائلی رہنما میر منظور حسین لانگو اور میر خالد لانگو بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل سے ان کے والد کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سکیورٹی فورسز پہ حملے کی شدید مذمت، حوصلے پست نہیں ہونگے' میر احسان الہٰی

اہلیان بلوچستان افواج پاکستان وسکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں' بیان

بالگتر (نامہ نگار) چیئرمین پیٹریاٹک یوتھ فورم میر احسان الہٰی نے کوئٹہ میں خودکش حملے کے ذریعے سکیورٹی فورسز پہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کی کارروائیوں سے ہمارے سکیورٹی فورسز اور قوم کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے بلکہ ہر کارروائی سے دہشتگردوں کی سفاکیت لوگوں کے دلوں میں اتر رہی ہے اور اپنے سکیورٹی فورسز کے لئے جذبہ واحترام میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ہمارے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ملک بھر خصوصی طور پر بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

سانحہ ماڑی ڈیم زیارت واقعہ کیخلاف پشین سمیت ملحقہ علاقوں میں مکمل شٹرڈاؤن ہڑتال رہی

پشین (این این آئی) سانحہ ماڑی ڈیم زیارت واقعہ کے خلاف پشتون قومی جرگہ کے کنوینئر نواب ایاز خان جوگیزئی اور آل پارٹیز کے اپیل پر پشین سمیت ملحقہ علاقوں میں مکمل شٹرڈاؤن ہڑتال رہی، پشین شہر سے کوئٹہ اور بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

سردار عطاء اللہ مینگل نے اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا' اسرار احمد ساسولی

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع قلات کے سینئر رہنما اسرار احمد ساسولی حافظ حفیظ اللہ عمرانی جاوید ساسولی آمان اللہ عمرانی قاری محمد صادق جنگ صدام عمرانی ودیگر نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل کی زندگی اور ان کا کردار دنیا بھر کے محکوم اقوام کے لئے مشعل راہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ سردار عطاء اللہ مینگل نے اصولوں بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

قلات میں بجلی کا بحران شدت اختیار کر گیا، عوامی حلقوں کا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

قلات میں کیسکو صارفین کو بجلی فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے

قلات (این این آئی) قلات میں بجلی کا بحران شدت اختیار کر گیا قلات میں کیسکو کی جانب سے بجلی کی چودہ گھنٹوں کی طویل لوڈشیڈنگ کے ساتھ ساتھ بجلی کی ٹرپنگ اور کیسکو اہلکاروں کی جانب سے بجلی کو ٹوفیس کرنے سے شہریوں کی قیمتی اشیاء جلنے لگے ہیں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی وجہ سے شہر کے کئی علاقوں میں پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے لوگ پانی کے لئے سرگردان ہو گئے ہیں قلات کے عوامی حلقوں نے صوبائی اور وفاقی حکومت سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

مرکزی انجمن تاجران ہزار گنجی کے صدر عید عبدالخالق آغا اور عبیداللہ خان بڑیچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ کے مستونگ روڈ خودکش بم دھماکے کا مقدمہ نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے مستونگ روڈ خودکش بم دھماکے کا مقدمہ نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لیا گیا سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق اتوار کے روز مستونگ روڈ خودکش بم دھماکے کا مقدمہ نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لیا گیا مقدمہ ایف آئی آر نمبر 6621 سی ٹی ڈی کی مدعیت میں درج کیا گیا مقدمے میں دہشت گردی ایکٹ، قتل اقدام قتل سمیت ایکسپلوزو ایکٹ کی دفعات شامل کی گئی ہیں

عمران خان کو نواز شریف اور شہباز شریف فوبیا ہو گیا ہے، سردار یعقوب خان ناصر

نواز شریف نے ملک کو ایٹمی صلاحیت دی دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کیا

ملک کو ترقی کے بلندیوں تک پہنچایا لیکن انہیں آج غدار کہا جارہا ہے جو کہ نیک شگون عمل نہیں، سابق وفاقی وزیر ریلوے

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی نائب صدر سابق وفاقی وزیر ریلوے سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا کہ نواز شریف نے ملک کو ایٹمی صلاحیت دی دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کیا ملک کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچایا لیکن انہیں آج غدار کہا جارہا ہے جو کہ نیک شگون عمل نہیں ایک محب وطن کو ایسے القابات سے نوازنے والوں کی محب الوطنی پر شک کیا جاسکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو میاں نواز شریف اور شہباز شریف فوبیا ہو گیا ہے وہ رات کو ان سے ڈرتے ہے تھے اب دن کو بھی ان سے ڈر رہے ہیں عمران خان نے سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کو علاج کے غرض سے لندن بھیجا تھا اب وہ وہاں اپنا علاج کر رہے بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

سید حامد علی شاہ موسوی کی کوئٹہ میں فورسز پر دہشت گرد حملے کی مذمت

متواتر دہشت گرد کارروائیاں کالعدم جماعتوں کو ملنے والی ڈھیل کا نتیجہ ہے، آغا حامد موسوی

اسلام آباد (این این آئی) قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی کی جانب سے کوئٹہ میں فورسز پر دہشت گرد حملے کی مذمت کی گئی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ازلی دشمن بھارت افغانستان میں اپنی ناکامی کا بدلہ افغانستان میں چکانا چاہتا ہے، متواتر دہشت گرد کارروائیاں کالعدم جماعتوں کو ملنے والی ڈھیل کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم کے بیٹے کب تک مصلحتوں کی بھینٹ چڑھتے رہیں گے؟ کالعدم تنظیموں کے رہنما کانفرنسیں کر رہے ہیں بے گناہوں کو شیڈول فو بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام پاکستان ہمارا سیاسی اور نظریاتی جماعت ہے، مولوی فیض اللہ

جمعیت علماء اسلام پاکستان کو ضلع کوئٹہ میں ایک فعال اور منظم جماعت بنائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان ضلع کوئٹہ کے ضلعی رابطہ کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز حاجی فضل محمد کے رہائشگاہ پر منعقد ہوا اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے تمام ممبران نے شرکت کی اجلاس سے مولوی فیض اللہ مولانا محمد عالم لانگو حاجی عبدالصادق نورزئی حاجی امین اللہ امین حاجی عبدالرزاق لانگو مولوی عبدالوکیل حقیار اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علماء اسلام پاکستان ہمارا سیاسی اور نظریاتی جماعت ہے جمعیت علماء اسلام پاکستان کو ضلع کوئٹہ میں ایک فعال اور منظم جماعت بنائیں گے اکابرین علماء دیوبند نے بہت سی قربانیاں دے کر جماعت کو یہاں تک پہنچایا ہے ہمارا کسی سے ذاتی لڑائی ہے نہ اختلاف ہے ہمارا مقصد جماعت بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں قبضہ مافیا کا ہر طرف راج ہے ایک دن غریبوں پر فروخت کر دیتے ہیں' قاری مہراللہ

قبضہ مافیا زچن چن کے غریب اور بے بس لوگوں کی خاندانی زمینوں پر قبضہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا اللہ بخش، آغا ابراہیم شاہ مولانا محمد صادق ودیگر نے کہا کہ کوئٹہ میں قبضہ مافیا کا ہر طرف راج ہے ایک دن غریبوں پر فروخت کر دیتے ہیں دوسرے دن اس سے قبضہ کر دیتا ہے قبضہ مافیا زچن چن کے غریب اور بے بس لوگوں کی خاندانی زمینوں پر قبضہ کر رہے ہیں جس سے بڑے سے بچانے پر خون خرابہ ہوسکتا ہے حکومت حالات خراب ہونے سے پہلے قبضہ مافیا کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے قابض جگہوں کو واگزار کرایا جائے۔

کوئٹہ' ڈاکٹر عبدالمالک کاسی کی وفات پر پیر بولان خالد سلطان القادری انکے بیٹے عنایت کاسی اور عبیداللہ کاسی سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں